# اٹھارویں صدی کی اُردو مطبوعات

(توضیحی فہرست)

سلیم الدین قریشی

مقتدرہ قومی زبان ○ اسلام آباد

Marfat.com

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

ذخیرۂ پروفیسر محمد اقبال مجددی

جو 2014ء میں پنجاب یونیورسٹی لائبریری کو

ہدیہ کیا گیا۔

CALL NO.

PUNJAB UNIVERSITY LIBRARY

LAHORE

Marfat.com

9176

# اٹھارویں صدی کی اردو مطبوعات

(توضیحی فہرست)

سلیم الدین قریشی

مقتدرہ قومی زبان ○ اسلام آباد

۱۹۹۳ء

Marfat.com

137889

جملہ حقوق محفوظ ہیں

سلسلہ مطبوعات : ۲۷۸

عالمی معیاری کتاب نمبر ۳-۱۱۷-۴۲۴-۹۶۹ .ISBN

○

| | | |
|---|---|---|
| طبع اوّل | : | ۱۹۹۳ء |
| تعداد | : | ایک ہزار |
| قیمت | : | ۲۰ روپے |
| فنی تدوین | : | عبدالرحیم خان |
| طابع | : | العمر پرنٹرز، مرکز جی-۸، اسلام آباد- |
| ناشر | : | ڈاکٹر جمیل جالبی |
| | | (صدر نشین) |
| | | مقتدرہ قومی زبان، ۱۶- ڈی (غربی) |
| | | بلیو ایریا، ایف ۱/۶، اسلام آباد |

○

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

# پیش لفظ

اردو مطبوعات کی تاریخ کا مطالعہ علمی اعتبار سے ایک اہم، بنیادی اور دلچسپ موضوع ہے۔ ہمارے ہاں اردو طباعت کی تاریخ کو عام طور پر انیسویں صدی سے شروع کیا جاتا ہے اور فورٹ ولیم کالج کے قیام سے اٹھارہ سو ستاون تک کے درمیانی عہد کو اردو مطبوعات کی قدیم اشاعتی تاریخ تصور کیا جاتا ہے، لیکن جدید تحقیق نے اس دائرے کو وسیع کر کے سترہویں اور اٹھارویں صدی تک پھیلا دیا ہے۔ ڈاکٹر سلیم الدین قریشی کی زیر نظر تالیف اسی تحقیق کی تفصیل مہیا کرتی ہے۔ بنیادی طور پر یہ کتاب اٹھارویں صدی عیسوی کی مطبوعہ اردو کتابوں کی "توضیحی فہرست" ہے جسے مرتب نے یورپ اور برصغیر کے اہم کتب خانوں اور فہارس کی مدد سے محنت اور سلیقے سے تیار کیا ہے۔ فاضل مؤلف نے شروع میں اردو طباعت کی تاریخ کے بارے میں ایک مختصر لیکن گرانقدر تعارف لکھا ہے جس میں نہ صرف عربی، فارسی اور اردو زبان کی تاریخ طباعت کے ارتقا پر روشنی ڈالی ہے بلکہ اردو طباعت کے معروف رسم الخط نسخ اور نستعلیق کے فنی و تکنیکی ارتقا سے بھی بحث کی ہے۔ اس کتاب میں ۱۷۴۵ء سے ۱۸۰۰ء تک کی ۸۶ مطبوعات کا تفصیلی تعارف شامل ہے جو قدر و قیمت کے اعتبار سے دستاویزی حیثیت رکھتا ہے۔ آخر میں فہرست ماخذ اور قدیم چھپائی کے چند نمونے بھی شامل کیے گئے ہیں جن سے کتاب کی افادیت میں مزید اضافہ ہو گیا ہے۔

فاضل مؤلف جناب سلیم الدین قریشی ایک عرصے سے لندن کے "مشرقی اور ذخیرہ انڈیا آفس" کے شعبے سے وابستہ ہیں اور علوم مشرقی، بالخصوص اردو زبان سے گہری دلچسپی رکھتے ہیں۔ ان کا یہ کام تحقیقی نقطۂ نظر سے فروغ اردو کے لیے بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ مجھے یقین ہے کہ یہ کتاب نہ صرف اردو زبان و ادب کے محققین، اہل علم اور اساتذہ و طلبہ کے لیے استفادہ کا باعث ہوگی بلکہ اردو تحقیق کے تعلق سے بھی ایک بنیادی ماخذ ثابت ہوگی۔

——— ڈاکٹر جمیل جالبی



Marfat.com

Marfat.com

# ترتیب


| | صفحہ |
|---|---|
| دیباچہ | ۷ |
| اردو طباعت کی ابتداء | ۹ |
| برصغیر پاک و ہند کی اردو مطبوعات | ۱۱ |
| ۱۷۲۵ء کی اردو مطبوعات | ۱۴ |
| ۱۷۴۳ء (الف) کی اردو مطبوعات | ۱۵ |
| ۱۷۴۳ء (ب) کی اردو مطبوعات | ۱۸ |
| ۱۷۴۴ء کی اردو مطبوعات | ۲۰ |
| ۱۷۴۵ء کی اردو مطبوعات | ۲۰ |
| ۱۷۴۷ء کی اردو مطبوعات | ۲۱ |
| ۱۷۴۸ء کی اردو مطبوعات | ۲۱ |
| ۱۷۴۹ء کی اردو مطبوعات | ۲۲ |
| ۱۷۵۰ء کی اردو مطبوعات | ۲۵ |
| ۱۷۵۱ء کی اردو مطبوعات | ۳۰ |
| ۱۷۵۸ء کی اردو مطبوعات | ۳۱ |
| ۱۷۷۰ء کی اردو مطبوعات | ۳۲ |
| ۱۷۷۱ء کی اردو مطبوعات | ۳۳ |
| ۱۷۷۴ء کی اردو مطبوعات | ۳۶ |
| ۱۷۷۷ء کی اردو مطبوعات | ۳۷ |
| ۱۷۷۸ء کی اردو مطبوعات | ۳۸ |
| ۱۷۸۲ء کی اردو مطبوعات | ۳۹ |




Marfat.com

| | |
|---|---|
| ۱۷۸۴ء کی اردو مطبوعات | ۴۲ |
| ۱۷۸۵ء (الف) کی اردو مطبوعات | ۴۳ |
| ۱۷۸۵ء (ب) کی اردو مطبوعات | ۴۳ |
| ۱۷۸۶ء کی اردو مطبوعات | ۴۵ |
| ۱۷۸۷ء کی اردو مطبوعات | ۴۶ |
| ۱۷۹۰ء کی اردو مطبوعات | ۵۱ |
| ۱۷۹۱ء کی اردو مطبوعات | ۵۵ |
| ۱۷۹۳ء کی اردو مطبوعات | ۵۶ |
| ۱۷۹۴ء کی اردو مطبوعات | ۵۷ |
| ۱۷۹۵ء کی اردو مطبوعات | ۵۸ |
| ۱۷۹۶ء کی اردو مطبوعات | ۵۹ |
| ۱۷۹۷ء کی اردو مطبوعات | ۶۲ |
| ۱۷۹۸ء کی اردو مطبوعات | ۶۴ |
| ۱۷۹۹ء کی اردو مطبوعات | ۶۶ |
| کتابیات (ببلیو گرافی) | ۷۱ |
| اشاریہ (ناموں کا) | ۷۴ |
| اشاریہ (عنوانات) | ۷۵ |
| عکسی نقول | ۷۹ |


Marfat.com

# دیباچہ

برصغیر اور یورپ میں اردو طباعت کے ابتدائی دور میں جو کتابیں شائع ہوئی تھیں ان میں سے بیشتر اب ہند و پاک میں دستیاب نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اردو زبان و ادب کی تاریخوں میں اول تو ان کا ذکر ہی نہیں ملتا اور اگر کوئی تذکرہ ملتا ہے تو زیادہ تر قیاس آرائی پر مبنی ہوتا ہے۔

مثلاً ۱۸۰۱ء میں لندن سے شائع ہونے والی کتاب A grammar of the pure and mixed East-Indian Dialects کے مصنف Gerasim Lebedev Stepanovich کے متعلق ابواللیث صدیقی نے ہندوستانی گرامر از: بنجمن شلز کے مقدمہ میں مولوی عبدالحق کا حوالہ دیتے ہوئے لکھا ہے:

> "اس زمانے کا ایک اور قواعد نویس ڈف تھا جسے مولوی عبدالحق نے بے بی ڈف اور رسالہ گلکرسٹ کے مؤلف نے لے بی ڈف لکھا ہے" (صفحہ ۹)۔

ابو سلمان شاہجہانپوری نے کتابیات قواعد اردو میں نیر اقبال کے کسی مضمون کا حوالہ دیتے ہوئے مصنف کا نام ڈف، گریسم لے بی اور کتاب کا عنوان ہندوستانی خالص اور ملی جلی بولیوں کی قواعد دیا ہے۔

زیر نظر فہرست میں اسی کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے مرتب کی گئی ہے۔ اس مقصد کے لیے اس میں اٹھارویں صدی میں شائع ہونے والی اردو زبان و ادب سے متعلق اور اردو زبان کی ان تمام مطبوعات کی تفصیلات درج کر دی گئی ہیں جو اب لندن کے مختلف کتب خانوں اور خصوصاً برٹش لائبریری کے اورینٹل اینڈ انڈیا آفس کلکشنز میں موجود ہیں۔

فہرست میں کتابوں کا اندراج سن اشاعت کے تحت کیا گیا ہے۔ ایک ہی سال میں شائع ہونے والی کتابوں کو الف بائی ترتیب میں پہلے مصنف کے نام کے تحت اور ایک ہی مصنف کی مختلف کتابوں کو عنوانات کے تحت درج کیا گیا ہے۔ ہر مصنف کی پہلی کتاب کے اندراج کے تحت کتاب کی تفصیلات اور اقتباس سے پہلے مصنف کے حالات زندگی دے دیے گئے ہیں۔ اس فہرست میں دی گئی کتابوں کی تاریخی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے کتاب کے آخر میں چیدہ چیدہ مطبوعات کے سرورق کے



Marfat.com

عکس بھی شامل کر دیے گئے ہیں۔

آخر میں، میں جناب گراہم شا، ڈپٹی ڈائریکٹر، اورینٹل اینڈ انڈیا آفس کلکشنز اور جناب قاضی محمود الحق صاحب کا مشکور ہوں جنھوں نے مسودہ کو پڑھ کر اپنے قیمتی مشوروں سے نوازا۔ میں اپنی بیگم مریم اور بیٹی رخسانہ کا بھی ممنون ہوں کہ انہوں نے مسودے کو ٹائپ کرنے میں میری مدد فرمائی۔

سلیم الدین قریشی
اورینٹل انڈیا آفس کلکشنز
برٹش لائبریری، لندن
۷، فروری ۱۹۹۳ء

Marfat.com

# اردو طباعت کی ابتداء

عام تصور یہ ہے کہ عربی رسم الخط میں چھپائی کا فن یورپ میں ایجاد ہوا تھا لیکن جدید تحقیق سے یہ بات ثابت ہے کہ اس فن کی یورپ میں ترویج سے کئی سو سال پہلے اندلس اور مصر کے مسلمان چوبی بلاک اور قلعی سے ڈھالے ہوئے سانچوں کے ذریعے طباعت کے فن سے بخوبی واقف تھے۔ عربوں میں یہ طریقہ کار کم از کم دسویں صدی عیسوی سے رائج تھا۔ اس دور کے عرب شعراء مثلاً دسویں صدی عیسوی کے ابو دلاف الخزرجی اور چودھویں صدی عیسوی کے ایک دوسرے شاعر صفی الدین الحلی نے اپنے اشعار میں اس کا ذکر کیا ہے اور عربی رسم الخط میں چھپائی کے اس طریقہ کو طرش کا نام دیا ہے۔ اس دور کی چھپائی کے کچھ نمونے دیانا کے رینر کلکشن، کیمبرج یونیورسٹی اور کولمبیا یونیورسٹی میں موجود ہیں۔

تیرہویں صدی عیسوی میں عربی رسم الخط کی چھپائی کی ایک مثال چینی اور عربی زبان میں جاری کیے گئے کرنسی نوٹ ہیں جو گیخا تو خان نے اپنے وزیر عزالدین مظفر کی ایما پر تبریز میں جاری کیے تھے۔ یہ نوٹ جیو کہلاتے تھے اور ان کے چھاپنے کے لیے ملک میں چھاپہ خانے قائم کیے گئے تھے جن کو جیو خانے کہا جاتا تھا۔ اس دور میں مسلمان چھپائی کے فن سے بخوبی واقف تھے اس کا ایک اور ثبوت ہمیں رشید الدین فضل اللہ طبیب کی مشہور کتاب جامع التواریخ میں ملتا ہے جو آپ نے ۱۳۰۰ اور ۱۳۱۷ عیسوی کے درمیان مکمل کی تھی اس میں چوبی بلاک سے چھپائی کی تفصیلات درج ہیں۔

مورخین کا خیال ہے کہ طباعت کا یہ فن جس کی ابتدا نویں صدی عیسوی میں چین میں ہوئی تھی ایران اور مصر کے راستے پندرھویں صدی میں یورپ پہنچا اور یورپ سے سترہویں اور اٹھارویں صدی میں دوبارہ اسلامی ممالک میں مروّج ہوا۔

یورپ میں متحرک ٹائپ سے چھپائی کے فن کا اجرا پندرھویں صدی کے آخر میں ہوا۔ عربی کی سب سے پہلی کتاب جو یورپ میں شائع ہوئی وہ Pedro de Alcalo کی "Arte para ligeramente saber la lingua Arabica عربی زبان کے قواعد سیکھنے کا فن" تھی۔ یہ غرناطہ کے ایک پرنٹر Juan Varela نے ۱۴۸۶ء میں شائع کی تھی۔ اس کتاب کا سرورق عربی رسم الخط میں ہے اور کتاب کے متن کی زبان تو عربی ہے مگر رسم الخط رومن تھا۔ اس دور کی ایک اور کتاب Bernhard Von Breydenbach کی Peregrinatio in terram Santum زیارت ارض مقدس ہے جو اٹلی سے ۱۴۸۶ء میں شائع ہوئی تھی۔ اس کا سرورق رومن رسم الخط میں اور



Marfat.com

کتاب کے عبارت عربی رسم الخط میں تھی اس کے علاوہ ۱۴۸۳ء اور ۱۴۹۹ء کے درمیان Alessandro de Paganinis کے والد نے وینس (Venice) سے متحرک ٹائپ کے ذریعے قرآن کریم کا ایک نسخہ شائع کیا تھا جس کا دوسرا ایڈیشن ۱۵۱۶ء یا ۱۵۱۷ء میں اٹلی کے اڈریاٹک ساحل پر واقع فانو نامی شہر سے شائع ہوا تھا ان دونوں اشاعتوں کے متعلق کئی روایتیں ملتی ہیں لیکن اصل نسخے مفقود ہیں۔ اس دور کی ایک اور کتاب صلوٰۃ السواعی یا Precatio Horarii ہے جو فانو سے ۱۵۱۴ء میں شائع ہوئی تھی اس کے دو سال بعد ۱۵۱۶ء میں Nebio کے بشپ Agostino Guistiniani نے جنیوا کے ایک پرنٹر Pietro Paolo کے ساتھ مل کر Psalmterium Hebrcum, Grecum, Arabicum ei Chaldeum شائع کی۔ یہ کتاب جیسا کہ اس کے عنوان سے ظاہر ہے عربی، عبرانی، یونانی اور کلدانی زبانوں میں ہے۔

اگرچہ سولھویں صدی عیسوی کے اوائل میں فارسی رسم الخط کے ٹائپ کی موجودگی اور اس کے استعمال کے متعلق کئی روایتیں ہیں لیکن کسی ایسی کتاب کا سراغ نہیں ملتا جو اس دور میں چھپی ہو مثلاً پروفیسر براؤن نے اپنی کتاب A literary history of Persia میں لکھا ہے کہ Savary de brevis کے پاس جو سولھویں صدی عیسوی کے اوائل میں ترکی میں فرانس کا سفیر تھا عربی، فارسی، آرمینی اور دوسری زبانوں کی ٹائپ کے سانچے موجود تھے جنھیں اس نے اپنے ترکی میں قیام کے دوران تیار کروایا تھا۔ یہ سانچے اس کی وفات کے بعد فرانس کے شہنشاہ Louis XIII نے خرید لیے اسی طرح ایک اور روایت یہ ہے کہ اٹلی کے پوپ پائس Pius چہارم نے اٹلی میں مشرقی زبانوں کی کتابیں چھاپنے کے ایک ماہر کو سرکاری خرچ پر مشرقی زبانوں کے سانچے خریدنے اور ان کو Tipografia De Collegio Romano میں جمع کرانے کے کام پر معمور کیا تھا۔ روم کا یہ مطبع ۱۶۱۵ء تک جاری رہا۔

فارسی زبان میں چھپائی کا آغاز سولھویں صدی عیسوی کے وسط میں ہوا۔ اس دور میں فارسی زبان میں شائع ہونے والی سب سے پہلی کتاب جس کا راقم کو علم ہے وہ پرانے عہد نامے (Old Testament) کا فارسی ترجمہ ہے جو قسطنطنیہ سے ۱۵۴۶ء میں شائع ہوا۔ اس کتاب کی زبان فارسی ہے لیکن رسم الخط عبرانی۔ اس میں فارسی کے علاوہ عربی اور عبرانی ترجمے بھی شامل ہیں۔ فارسی ترجمہ یعقوب ابن یوسف تاوس کا ہے جو اس کے بعد دوبارہ ۱۶۵۵ء میں انگلستان سے شائع ہوا۔

یورپ میں فارسی رسم الخط میں چھپائی کا سب سے قدیم نمونہ Joseph Scalgiri کی مشہور کتاب Opus de Emendatione Temporum میں دیا گیا ہے جو پیرس کے شاہی مطبع نے ۱۵۸۳ء میں شائع کی تھی۔ اس کا دوسرا ایڈیشن غالباً ۱۵۹۸ء میں اور تیسرا ایڈیشن جنیوا (اٹلی) کے Typis Roverianis نامی مطبع نے ۱۶۲۹ء میں شائع کیا تھا۔ اس میں سامری اور عربی زبانوں

Marfat.com

کے علاوہ فارسی زبان کے متعدد الفاظ جیسے یک شنبہ، دو شنبہ، سہ شنبہ، روز زحل، روز مشتری وغیرہ نسخ ٹائپ میں دیے گئے ہیں۔

اس دور کی ایک اور کتاب Alphabetum Persidcum Duplex unulitteris Latinis, Alterum Vero Arabicus Charactere Tamen Persico ہے جسے روم کے Typis Sacra Congrationis de Propaganda نامی مطبع نے ۱۶۴۳ء میں شائع کیا تھا۔ فارسی رسم الخط میں چھپائی کا یہ نمونہ صرف ایک ورق پر مشتمل ہے۔ اس کے ایک کالم میں فارسی زبان کے حروف تہجی دیے گئے تھے اور اس کے مقابل دوسرے کالم میں ان کے لاطینی متبادل۔ اس پر نہ تو مصنف کا نام تھا اور نہ ہی چھاپہ خانے کا نام اور پتہ درج تھا۔

یورپ میں فارسی رسم الخط میں شائع ہونے والی سب سے پہلی کتاب جیرینیمو شیویر (Hiernnymo Xavier) کی داستان مسیح ہے جو Ludivic Dieu (1590_1642) کے لاطینی ترجمہ Historia Christi Persice کے ساتھ Leyden کے El Friana مطبع نے ۱۶۳۹ء میں شائع کی تھی۔ یہ کتاب شہنشاہ اکبر کی فرمائش پر لکھی گئی تھی۔ بعض مورخین نے اسے مولانا عبدالستار لاہوری کی تصنیف قرار دیا ہے۔

فارسی رسم الخط میں چھپائی کے مذکورہ بالا نمونے خط نسخ میں ہیں اور ٹائپ سے چھاپے گئے ہیں۔ خط نستعلیق اور خط شکستہ میں طباعت کے ابتدائی نمونے جارج جیکب کہر کی کتاب Monarchae Mogolo-Indici, Vel Moyolis Magni Aurenk Szeb numisma Indo ہے جو لائپزگ جرمنی میں ۱۷۲۵ء میں شائع ہوئی، شامل ہیں۔ خط نستعلق اور شکستہ کے علاوہ اس میں اردو/عربی اعداد و شمار اور سیاق اور ناگری عبارات بھی دی گئی تھیں یہ تمام عبارتیں چوبی بلاک سے چھاپی گئیں تھیں۔

۱۷۴۳ء میں جوشوا کیٹلر کی ہندوستانی گرامر کی کتاب Instructic Off Onderwitsing لائڈن، ہالینڈ سے شائع ہوئی اس کے صفحہ ۴۵۷ پر مصنف نے دکنی زبان میں گنتی کے چند الفاظ اور اردو ٹائپ میں دیے ہیں۔ اس کے چند ماہ بعد اپریل ۱۷۴۳ء میں جرمنی کے ایک شہر ہالے سے بجمن شلز کی کتاب Summula Doctrinae in lingvum Indostanicum شائع کی۔ اردو رسم الخط میں شائع ہونے والی یہ سب سے پہلی کتاب ہے۔

## برصغیر پاک و ہند کی اردو مطبوعات

سولہویں صدی میں جب پرتگال اور یورپ کی دوسری قوموں نے ہندوستان کے ساحلی علاقوں میں اپنی تجارتی کوٹھیاں قائم کرنا شروع کیں تو ان کو فارسی کے علاوہ وہاں کی مقامی زبانوں سے بھی واسطہ پڑا۔ پہلے یورپین جنھوں نے ہندوستانی یا اردو زبان کی طرف توجہ دی وہ پرتگیزی پادری تھے۔ آر نف

Marfat.com

کیمپ کے ایک بیان کے مطابق اکبر کے دربار سے وابستہ ایک پرتگیزی پادری جیرینیمو شیویر نے فارسی زبان میں متعدد کتابیں لکھنے کے علاوہ ایک پرتگیزی اور اردو لغت بھی مرتب کی تھی۔ اسی طرح محمد شاہ ۱۷۴۸ء - ۱۷۱۹ء کے دور میں ایک اور پرتگیزی پادری نے Gramatica Indostanica نامی کتاب مرتب کی تھی جو بعد میں روم سے ۱۷۷۸ء میں شائع ہوئی۔ اس کے علاوہ پرتگیزی پادریوں نے گوا اور ہندوستان کے جنوبی ساحل اور خصوصاً مدراس اور ٹرانکوبار میں مطبع قائم کیے اور ان علاقوں کی مقامی زبانوں یعنی تامل، سنہالی اور ملیالم میں تبلیغی کتابیں شائع کرنے کا سلسلہ شروع کیا۔ ابتدا میں مسلمانوں میں تبلیغ کے لیے اردو اور فارسی کتابیں یورپ سے منگائی جاتی تھیں لیکن اٹھارویں صدی کے اوائل میں انہوں نے ہندوستان میں عربی رسم الخط میں چھپائی کی طرف توجہ دینا شروع کی۔ ہندستان میں عربی رسم الخط میں چھپائی کا اولین نمونہ ان کی شائع کی ہوئی ایک تامل کتاب Dialogues inter Muslimum et Christianum یعنی اسلام اور عیسائیت کے مابین مکالمہ کے سرورق پر دیا گیا تھا۔ یہ کتاب ٹرانکوبار سے دسمبر ۱۷۲۷ء میں شائع ہوئی تھی۔ اس کے سرورق پر لاطینی عنوان کے بعد اس کا عربی عنوان، الالہ واحد و سیط اللہ والناس واحد الانسان یسوع مسیح درج ہے۔ یہ نئے عہد نامے کی ایک آیت کا ترجمہ ہے۔ یہ کتاب Wider legung des Muhammedan ischen Aberglaubens gesprochweise کے جرمن نام سے بھی مشہور ہے۔ سرورق پر تامل اور لاطینی عنوانات ٹائپ سے چھاپے گئے ہیں جبکہ عربی عبارت کے لیے چوبی بلاک استعمال کیا ہے۔

ہندوستان میں فارسی اور اردو رسم الخط میں چھپائی کی ضرورت کا احساس سب سے پہلے ایسٹ انڈیا کمپنی کو ہوا۔ بنگال اور مدراس میں اپنا نظم و نسق چلانے کے لیے ایسٹ انڈیا کمپنی کو فارسی اور ہندوستانی زبان استعمال کرنا پڑتی تھی اور اس مقصد کے لیے کمپنی کے اشتہارات، انتظامیہ اور عدالتوں کے قوانین اور قواعد و ضوابط انگریزی کے علاوہ فارسی زبان میں بھی شائع کرنے کے بعد تقسیم کیے جاتے تھے۔ شروع شروع میں یہ انگلستان سے چھپ کر آتے تھے جہاں فارسی رسم الخط میں چھپائی کا سلسلہ ۱۶۵۶ء سے جاری تھا۔ انگلستان میں ۱۷۷۷ء تک فارسی کے لیے نسخ ٹائپ استعمال کیا جاتا تھا۔ ۱۷۷۷ء میں فرانسس گلیڈون نے آئین اکبری کا ترجمہ مکمل کیا تو اس کی تشہیر کے لیے لندن سے آئین اکبری، معہ ایشیاٹک وکیبولری شائع کی، اس میں فارسی اور اردو الفاظ کی لغت کا نمونہ دیا گیا تھا۔ گلیڈون کا یہ کتابچہ انگلستان میں اردو طباعت کا اولین نمونہ ہونے کے علاوہ تعلیق ٹائپ سے چھپائی کی سب سے پہلی کاوش بھی ہے۔

ولکنز کو ہندوستان میں نستعلیق ٹائپ کا موجد قرار دیا جاتا ہے لیکن ۱۷۷۷ء میں ہندوستان کے گورنر جنرل وارن ہیسٹنگز (۱۷۸۴ء-۱۷۷۲ء) نے ہندوستان میں نستعلیق چھپائی کو ضرورت کو مد نظر

Marfat.com

رکھتے ہوئے جب چارلس ولکنز کو فارسی اور بنگالی ٹائپ تیار کرنے کے لیے کہا تو اس وقت تک لندن کے چھاپہ خانے نستعلیق ٹائپ تیار کرنے میں کافی حد تک کامیاب ہو چکے تھے مثلاً ۱۷۹۰ء میں جارج ہیرس کی ڈکشنری کو چھاپنے کے لیے انگلستان سے جو ٹائپ درآمد کیا گیا وہ خوبصورتی میں ہندوستان میں وضع کیے گئے ولکنز کے ٹائپ سے کسی طرح کم نہ تھا۔ ولکنز کے نستعلیق ٹائپ سے ہندوستان میں جو سب سے پہلی کتاب شائع ہوئی وہ فرانسس گلیڈون کی A compendious Vocabulary, English and Persian تھی جو مالدا سے ۱۷۸۰ء میں شائع ہوئی۔ اس کے ایک سال بعد یعنی ۱۷۸۱ء میں کلکتہ سے فرانسس بالفور کی مرتب کردہ انشائے ہری کرن شائع ہوئی۔ ہندوستان میں فارسی رسم الخط میں شائع ہونے والی یہ سب سے پہلی مکمل کتاب ہے۔

اس کے ایک سال بعد ۱۷۸۲ء میں فارسی کی ایک اور کتاب دستور العمل جسے ولیم چیمبرز نے انگریزی سے ترجمہ کیا تھا کلکتہ سے شائع ہوئی۔ ہندوستان میں نستعلیق ٹائپ کی موجودگی کے باوجود ہندوستان میں اردو کی سب سے پہلی کتاب Abstracts of the articles of war ناگری اور رومن حروف میں کلکتہ سے ۱۷۸۲ء میں شائع ہوئی۔ اس کے سرورق پر انگریزی عنوان کے بعد فارسی اور اردو عنوانات "بعضے احکام از آئین و قوانین کہ برائے انتظام فوج انگریزی مقرر شدہ"۔ "بعضے حکم آئین قاعدے کہ جو انگریزی فوج کے واسطے مقرر ہوئے ہیں" دیے گئے تھے۔ فارسی عنوان نستعلیق میں اور اردو ناگری خط میں تھا۔

خط نستعلیق میں اردو طباعت کی سب سے پہلی مثال مرزا سودا کی ایک اردو غزل ہے جو فرانسس گلیڈون کی جواہر التالیف فی نوادر التصانیف یا ایشیاٹک مسلینی کی پہلی جلد مطبوعہ کلکتہ ۱۷۸۵ء میں شائع ہوئی۔ یہ ولکنز کی تیار کی ہوئی نستعلیق ٹائپ کی پہلی مثال اور جان گلکرسٹ کی اردو ادب سے متعلق سب سے پہلی کاوش تھی۔ یہ ترجمہ اس لیے بھی اہم ہے کہ انگریزی ترجمہ کے ذریعے یورپی عوام کو اردو ادب سے روشناس کرانے کی پہلی مثال ہے۔

---

Marfat.com

# 1725

1

Monarchae Mogolo- Indici, vel Moyolis Magni Aurenk Szeb numisma Indo Persicum, Argenteum quinquelibrale rarissimum in solennem renovationem et confirmationem clientelarum urbis ac sedis imperatoriae Dehli, nunc dictae Dschihanabad, Signatum,.. auspiciis et clementisimo jussu serenissimi principis ac Domini Domini Friderici II. Ducis Saxo- Gothani,.. Illustrem at que doctissium,Scheich Mohammed Effendi, reipubl Africo- Tripolitanae Cancellarium, et ad aulam caesaream viennensem nuper legatum, perspicue, Solide ac modeste vindicatum, et variis notis ex orientalium historia. genealogia, geographia, chronologia et re literaria tum antiqua tum recentiore illustratum. M.Georgio Jacobo Kehr silufia- Franco- Orientali ... in appendice,Indo- Maurorum Characters arthimetici alphabetum Bengalicum, & Syllabatii Mongalo- Kalmukici pars Exbiteur .. lipsiae, Impressit Heinrich Christoph Takke, 1725.
52p. 23 cm.

جور جیو جیکب کہر (۱۶۹۲ء-۱۷۶۰ء) ایک جرمن مستشرق تھا اور اس کے متعلق مزید معلومات نہیں مل سکیں۔ مصنف نے یہ کتاب اورنگ زیب عالم گیر کے جاری کیے گئے چاندی کے ایک سکے پر دی گئی عبارت کے متعلق لیبیا کے ایک مسلمان عالم شیخ محمد آفندی کی رائے کی رد میں لکھی تھی یہ چیز ذیل میں دیے گئے اس کتاب کے عنوان کے اردو ترجمہ سے ظاہر ہوجاتی ہے۔

"ہندوستان کے مغل بادشاہ مغل اعظم اور اورنگزیب کا ایک ہندوستان/فارسی کا بے حد نایاب سکہ جس کا وزن پانچ پونڈ ہے، یہ سکہ اورنگزیب کی تخت نشینی کی پندرھویں سالگرہ کے موقع پر دارالسلطنت دہلی جس کا موجودہ نام شاہجہان آباد ہے، میں ضرب دیا گیا تھا۔ یہ سکہ سیکس- گوتھا کے ڈیوک فریڈرک دوم کے انمول سکوں کی ذاتی الماری سے لے کر معائنہ کیا گیا اور اس کی وضاحت اور تشریح کی گئی ہے اور اس کے متعلق مشہور مسلمان عالم شیخ محمد آفندی کے، جو افریقہ کے ملک طرابلس کی حکومت کا ایک افسر ہے اور حال ہی میں ویانا کے شاہی دربار میں سفیر مقرر ہو کر آیا ہے، شکوک و شبہات کو اعتدال کے ساتھ اور مکمل طور پر اس ملک کی قدیم و جدید تاریخ، جغرافیہ، ادب اور نصابیات



Marfat.com

سے مثالیں دے کر رد کیا گیا ہے۔"

اس سکے کی تفصیلات G.G. Tychsen کی کتاب Introduction in rem numar muhammi (p. 212) اور William Mursden کی Numismata Orientalia Illustrata (Part II. p 651) میں بھی درج ہیں۔

کتاب کے شروع میں عربی رسم الخط اور خطاطی کی تفصیلات دی گئی ہیں۔ خط تعلیق کے عنوان کے تحت لکھا ہے کہ یہ خط ہندوستان، ایران اور ازبکستان میں رائج ہے۔ صفحات ۹ سے ۱۶ تک پانچ کالموں میں تقسیم ہیں۔ پہلے کالم میں نمبر شمار اور دوسرے کالم میں خط نستعلیق میں اورنگ زیب عالم گیر کے سکہ پر دی گئی عبارت درج ہے۔ یہ عبارت بلاک سے چھاپی گئی تھی اس کے تیسرے کالم میں یہی عبارت نسخ ٹائپ میں اور آخری کالم میں رومن حروف میں درج ہے۔ اس کے بعد کے حصہ میں Characterum Indo-Persicorum کے تحت فارسی حروف تہجی کی وضاحت اور سکہ پر دی گئی عبارت سے ہر لفظ کو علیحدہ علیحدہ لے کر ان کے معنی دیے گئے ہیں۔

اس کے صفحہ ۲۸ پر فارسی عبارت کا خط شکستہ میں نمونہ دیا گیا ہے۔ یہ بھی بلاک سے چھاپا گیا ہے۔ صفحہ ۴۸ پر بنگالی اور عربی (ہندوستانی) اعداد و شمار دیے گئے ہیں صفحات ۵۵ - ۵۰ پر Numeri Maurorum India Orientalis, Europaeis Mohren Vel Moores Dictum ex muses M. Georg Jacob Kehr 1725 anno کے عنوان کے تحت ایک ہزار تک گنتی دی گئی ہے اور ہر تعداد کے مقابل پہلے رقم (سیاق) میں اور اس کے تحت ہندسوں میں ان کے ہندوستانی/ عربی متبادل درج ہیں۔ اس کے بعد Alphabctum Bengalicum Seu Jentivicum Indiac Orientalis ہے۔ اس کے تحت بنگالی اور ناگری خط میں ہندوستانی زبان کے حروف اور ان کے رومن متبادل درج ہیں۔ آخری صفحہ پر تیمور سے لے کر اورنگ زیب تک مغل بادشاہوں کا شجرہ نسب دیا گیا ہے۔

# 1743

## 2

Ketelaar, Joan Josua.
Instructie off Onderwitsinge der Hindoustanee, en dersiaanse telen, vevens hare declinatie congugate als mede vergelejkingj der Hindoustnse med deHollandse maat en gewighten mitsgaders beduigdingh ee: Nieger Moorse namen etc.

Marfat.com

IN
Mill, David [Millii, Davidis]
Dissertationes, selectae, varias litterarum et antiquitatis orientalis capita, exponnentes et illustrantes. Curis secundis, novisque disertationibus, orationibus, et miscellaneis orientalibus auctae. Davidis Milli S.S. Theologiae. D. ejusdemque, nec non Antiquitatum Sararum, & Linguarum Orientalium, in Academia Trajectina, Professoris Ordinarii. Lugduni Batavorum, aput Conradum Wishopp et Georg. Jac. Wishopp, 1743.
[5],[4],[6], 601p. 20 cm.
pp. 455-601. Caput XV Miscellanea Orientalia. Caput. 1 (pp 455-488) De Lingua Hindustanica.

مندرجہ بالا کتاب کا مصنف جان جوشوا کیٹلر ۲۵ دسمبر ۱۶۵۹ء کو جرمنی کے شہر (Elbing) میں پیدا ہوا۔ اس کے والد جوشوا کیٹلر جلد سازی کا کاروبار کرتے تھے۔ اوائل عمر میں جان نے اپنے والد کے ساتھ کام کیا اس کے بعد (Johanne Schwechauser) نامی ایک دوسرے جلد ساز کے ہاں ملازمت اختیار کی لیکن کچھ عرصہ بعد وہاں چوری کرتے ہوئے پکڑا گیا اور دوکان کے مالک کو زہر دے کر ڈانزگ (Dantzig) بھاگ گیا۔ یہاں پہنچ کر ایک دوسرے جلد ساز کے ہاں ملازمت اختیار کرلی لیکن یہاں بھی چوری کرتے ہوئے پکڑا گیا۔ ۱۶۸۰ء میں (Dantzig) چھوڑ کر اسٹاک ہوم (Stockholm) چلا آیا۔ وہاں دو سال رہنے کے بعد ۱۶۸۲ء میں ایمسٹرڈیم آیا اور یہاں پر اپنے نام کے ہجوں کو جرمن (Keteller) سے ولندیزی زبان کے مطابق (Ketelaar) میں تبدیل کرکے ڈچ ایسٹ انڈیا کمپنی میں ملازم ہوگیا۔ مئی ۱۶۸۲ء میں اس کمپنی کے ایک جہاز پر سوار ہوکر ہندوستان آیا اور سورت میں ڈچ ایسٹ انڈیا کمپنی کی فیکٹری میں کلرک کی حیثیت سے ملازمت اختیار کرلی۔ ۱۶۹۶ء میں ترقی کرکے اکاؤنٹنٹ ہوا اور احمد آباد کی فیکٹری میں ڈیوٹی کے عہدہ پر متعین ہوکر احمد آباد آگیا۔ ۱۷۰۰ء میں آگرہ کی فیکٹری کا انچارج مقرر ہوا۔ ۱۷۰۵ء اور ۱۷۰۸ء کے درمیان کافی خریدنے کے لیے دو مرتبہ عرب ممالک کا سفر کیا۔ ۱۷۱۰ء میں ڈچ ایسٹ انڈیا کمپنی نے اسے سورت کی فیکٹری کا ڈائریکٹر مقرر کیا۔ ۱۷۱۱ء میں ولندیزی حکومت نے اسے ہندوستان میں اپنا سفیر مقرر کردیا۔ وہ ۸ فروری ۱۷۱۱ء کو مغل دربار میں حاضر ہونے کے لیے سورت سے چلا اور ۷ فروری ۱۷۱۳ء تک شاہ عالم، بہادر شاہ اور جہاندار شاہ کے درباروں سے وابستہ رہا۔ ۱۷۱۵ء میں وہ ولندیزی حکومت کا ایران میں سفیر مقرر ہوا اور ۱۲ مئی ۱۷۱۸ء کو بندر عباس میں وفات پائی اور وہیں دفن ہوا۔

فارسی اور اردو قواعد کی مذکورہ بالا کتاب اس نے اپنے لکھنؤ کے قیام کے دوران ۱۶۸۹ء میں مکمل کی تھی۔ اس کے مخطوطے کی واحد نقل ہیگ کے رائیل آرکائیوز (Rijks Archief) میں موجود

Marfat.com

ہے۔ اس کو کیٹلر کے ایک ہم پیشہ اور دوست Isaaq Vander Hoeve نے نقل کیا تھا۔ اس پر لکھنؤ ۱۶۹۸ء کی تاریخ درج ہے۔

صفحات ۴۵۶ اور ۴۵۷ کے درمیان ناگری حروف کے Akar Nagari, Elem.Brahm.Tang Mung اور Devanagaram Al-phabetum Brahm iii کے عنوانات کے چارٹ دیے گئے تھے۔ یہ بلاک سے چھاپے گئے تھے اور ان میں ناگری حروف اور ان کے لاطینی متبادل دیے گئے تھے۔

اس کتاب کا انگریزی ترجمہ Van de Uitgave نامی ایک ڈچ سکالر نے Instruction or tution in the Hindustani and persian languages, besides their declension and conjugation, together with a comparison of the Hindustani with the Dutch weight and measures, likewise the singnificance of sundry Moorish names etc. کے عنوان سے لندن یونیورسٹی کے سکول آف اورینٹل اینڈ افریکن سٹڈیز کے بلٹن میں (جلد ۸- ۷ ۱۹۳۴ء - ۱۹۳۵ء) میں شائع کیا تھا۔

مثالیں

| Singualris | Plurals |
|---|---|
| Mey nay dsjanta | Ham ney dsjanta |
| Toe ney dsjanta | Tom ney dsjanta |
| Whe ney dsjanta | Inne ney dsjanta |

کتاب کے اس باب کے دوسرے حصہ کا عنوان Rudimenta lingua Persichae hodiernr, prout in usuest in Hindustania, aulisque regum Mohammedanorum in India ہے۔

مثالیں

| ہندوستانی | فارسی |
|---|---|
| dazbrab | زور |
| kazazah | استقام |
| dsjsms, Kotri | قمیض |
| raswai | بدنامی |
| mordanje | موت، وفات |
| taijaand | قہر |
| kassey | قصاب |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| قیمت | tozmne |
| مغرب | patsjera |
| اسم | Naom |
| نقاشی می کنم | me tsitter karte |
| صرفہ می کنم | me soukari karte |
| میفروشم | me beeste |
| شاد شدم | me ghoss jaa |
| آب سیاہ | aasoe |
| برطرف کردم | me bas karte |

# 1743

3

Schultze, Benjamin

اللہ کھی سودس فرمودی لیچ

Summula Doctrinae Christianae in lingvam Indostanicam. Translata a viro plur Reverendo Benj. Schulzio, Evangelico in India Missionario. Edidit D. Jo Henry Callenberg. Halae In Typographia Institut Judaci, 1743.
[2], 12p. 16 cm.

اٹھارویں صدی میں ہندوستان میں جو عیسائی مشن قائم ہوئے ان میں سے ایک ہالے (جرمنی) کا ڈینش مشن بھی تھا، جو ڈنمارک کے بادشاہ فریڈرک چہارم کی ایما پر قائم کیا گیا تھا۔ اس مشن کا ایک مقصد جنوبی ہند اور خصوصاً ٹرانکو بار میں پروٹسٹنٹ مذہب کی تبلیغ کرنا تھا۔ اس مشن کی جنوبی ہند کی شاخ کے اخراجات کی ذمہ داری انگلستان کی ایک تبلیغی جماعت سوسائٹی فار پروموشن آف کرسچین نالج کے سپرد تھی۔ ڈینش مشن کا پہلا وفد ۱۷۰۶ء میں ذیگن بالگ (Zieganbalge) کی قیادت میں ٹرانکو بار پہنچا۔ فروری ۱۷۱۹ء میں ذیگن بالگ کی وفات کے بعد اس کی قیادت مشن کے ایک دوسرے مبلغ بنجمن شلز (۱۶۸۹ء - ۱۷۶۰ء) نے سنبھالی۔ شلز ڈنمارک کے ایک شہر Zonnenburg کا رہنے والا تھا۔ جرمنی کے ایک شہر ہالے میں تعلیم حاصل کی۔ ستمبر ۱۷۱۹ء میں ہندوستان آیا اور ذیگن بالگ کے کام کو جاری رکھتے ہوئے سب سے پہلے اس کے تیار کردہ نئے عہد

Marfat.com

نامے کے تامل ترجمے کو مکمل کر کے ۱۷۲۶ء میں ٹرانکوبار سے شائع کیا۔

شلز نے اس کے بعد ۱۷۲۷ء میں عہد نامۂ جدید اور ۱۷۳۲ء میں عہد نامہ قدیم کا تیلگو زبان میں ترجمہ مکمل کرنے کے علاوہ عیسائی مذہب کی مشہور دعا لارڈز پریر (Lords Prayer) کا گجراتی زبان میں ترجمہ کیا لیکن بعض وجوہ کی بنا پر یہ تینوں کتابیں شائع نہ ہو سکیں۔ اس کی سب سے بڑی وجہ شلز کے شائع کیے گئے بائبل کے تامل ترجمے پر نقادوں اور دوسرے مبلغین کے وہ اعتراضات تھے جن کا ذکر کرتے ہوئے ہوپر (Hooper) نے لکھا ہے۔

Benjamin Schultze had shown little literary judgment and had no hesitation in issuing raw and practically worthless translations in Telugu and Hindustani as well as his Tamil works.
(Hooper, S.M. The Bible in India, London, 1938.p.51)

شلز ۱۷۴۲ء کے آخر تک ہندوستان میں رہا اور اس دوران اس نے تامل، تیلگو اور گجراتی کے علاوہ ہندوستانی زبان بھی سیکھی۔ شلز زیادہ عرصہ ٹرانکوبار کے علاقہ میں رہا اور اس نے ہندوستانی بھی وہاں کے ایک تامل پنڈت سے سیکھی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ شلز نے بائبل کے ترجمے کے لیے اس دور کی ادبی اردو کے بجائے دکن میں بولی جانے والی مقامی زبان استعمال کی تھی۔

شلز غالباً ۱۷۴۳ء کے اوائل میں واپس جرمنی آیا اور اپریل ۱۷۴۳ء میں اردو مطبوعات کی اشاعت کا سلسلہ شروع کیا اور یہ سلسلہ اس کی وفات سے دو سال پہلے، یعنی ۱۷۶۰ء تک جاری رہا۔ شلز کی بیشتر تصنیفات کو ڈینش مشن کے ڈائریکٹر کالنبرگ نے ایڈٹ کر کے شائع کیا تھا۔ شلز نے مذکورہ بالا کتاب میں جو ٹائپ استعمال کیا ہے وہ نسبتاً بڑے سائز کا ہے۔ ۱۷۴۳ء کے بعد اس کی جو دوسری کتابیں شائع ہوئیں وہ ایک دوسرے اور نسبتاً چھوٹے سائز کے ٹائپ سے چھاپی گئی تھیں۔ ۱۷۴۳ء میں اردو کی پہلی کتاب شائع کرنے کے بعد شلز کا ارادہ عہد نامہ قدیم کے ترجمے کو مکمل کرنے کا تھا لیکن یہ کام داؤد کے گیت سے آگے نہ بڑھ سکا۔ اس کے بعد شلز نے اپنی پوری توجہ عہد نامۂ جدید کے ترجمہ کی طرف مبذول کی۔ نئے عہد نامہ کے مختلف حصوں کے یہ ترجمے ہالے کے مذکورہ بالا پریس سے ۱۷۴۹ء اور ۱۷۵۸ء کے درمیان شائع ہوتے رہے۔ ۱۷۵۸ء میں جب نئے عہد نامہ کے تمام حصوں کے ترجمے مکمل ہو گئے تو ان سب کی یکجا جلد بندی کر کے نئے سرورق، نئے عنوان اور دیباچے کے ساتھ دوبارہ شائع کر دیا گیا۔ انجیل کے ترجموں کے علاوہ شلز کی دو اور کتابیں ہیں۔ ان میں سے پہلی

اللہ کے لائق ہے سو ایمان کی کتاب لکھ ہے اور دوسری گرامیٹیکا ہندوستانیکا۔

Marfat.com

# 1744

4

Schultze, Benjamin

اللہ کے لائق ہے سو ایمان کی تعلیم کی کتاب لیجّ

[Translata a viro plur Reverendo Benj. Schulzio, Evangelico in India Missionario. Edidit D. Jo Henry Callenberg. Halae In Typographia Instituti Judaici, 1744.

2, 111p. 17 cm.

پہلے دو صفحات پر کالن برگ کا مقدمہ ہے۔ اس کا مقصد اسلامی تعلیمات کو غلط ثابت کرنا اور مسلمانوں میں عیسائیت کی تبلیغ کرنا تھا۔

# 1745

5

Schultze, Benjamin

Grammatica Hindostanica. Collcctis in Diuturna inter Hindostanos commoratione in justum ordinum redactis ac larga exemorum luce perfusis regulis constants et missionariorum usui consecrata. Viro Plur. Reverendi Benjamini Schultzii Edidit et de suscippenda Barbararum linguarum cultura praefatus est D. JO. Henr. Callenberg, Theol, et Philos. Prof. Publ. Ord. Halae Saxonum, In Typographia Instituti Judaici, 1745.

[6], 84p. 22cm.

پہلے دو صفحات میں کالنبرگ کا اور اس کے بعد کے چار صفحوں میں شلز کا مقدمہ ہے۔ شلز کا مقدمہ مندراس ۳۰ جون ۱۷۴۱ء کا تحریر کردہ ہے۔ شلز کی اس گرائمر کے ایک انگریزی ترجمہ کا ایک خطی نسخہ برٹش لائبریری (انڈیا آفس لائبریری) میں موجود ہے۔ اس کا اردو ترجمہ، ابواللیث صدیقی نے ہندوستانی گرائمر کے عنوان سے ۱۹۷۷ء میں لاہور سے شائع کیا تھا۔

Marfat.com

# 1747

## 6

Psalterium Davidis in linguam Indostanicum. Translatum A. Viro Plur Reverendo Benj. Schultzio. Evangelico in India Missionario. Edidit et praefatus est. D. Jo. Henr Callenbergius, Theol and Phill Prof. Pub Ord. Halae, In Typographia Orientali Instituti Judaic and Muhammadici, 1747.
414p. 17 cm.

یہ داؤد کے گیتوں کے اردو تراجم پر مشتمل ہے اس کا صرف لاطینی عنوان ہے۔

# 1748

## 7

Fritz, Johann Friedrich.
Orientalisch und Occidentalischer Sprachmeister, Welcher nicht allein hundert alphabete nebst ihrer Ausprache, ... Auch einigen Tabulis Polyblotis verschiedener Augen Begot, Sondern Auch des gebet desherm in 200 sprachen und mund-arten mit dere selben characteren und losung.. Ausglaubwurdigen. Auctoribus zusammen getragen. Leipzig, 1748,
8, 10, 219, 4, 128, 10p. 16 cm.

یہ کتاب دو حصوں میں منقسم ہے۔ پہلے حصے میں دنیا کی سو زبانوں کے حروف تہجی دیے گئے ہیں اور دوسرے حصے میں دنیا کی دو سو زبانوں میں کیے گئے لارڈز پریر (Lords Prayer) کے ترجمے درج ہیں۔ اس کے شروع میں آٹھ صفحات پر مشتمل بجمن شلز کا مقدمہ ہے اور اس کے بعد مصنف کا دیباچہ ہے۔

اس میں ہندوستان کی جو زبانیں دی گئی ہیں ان میں بنگالی، تامل، سنسکرت، مراٹھی وغیرہ شامل ہیں۔ اس کے دوسرے حصے کا عنوان Orationis Dominic ae versiones plurum linguarum Europaearum, Asiticarum, Africannarum et Americanarum ہے۔ اس میں ہر زبان کے نام کے تحت مذکورہ بالا دعا کا ترجمہ دیا گیا ہے۔ اس کے صفحہ ۸۱ پر Hindustanica seu Indostanica seu Hourica ober

Marfat.com

Mogulsch کے تحت جو اردو ترجمہ دیا گیا ہے وہ بجمن شلز کا ہے اور اسی ٹائپ میں چھاپا گیا ہے جو شلز کی دوسروں کتابوں کے لیے استعمال کیا گیا تھا۔

مثال:

خداوند کی بندگی ایچ- آسمانوں پور ہتا سو ہمارا ابای تمارا ناتون پاک کرنا ہوئی دیو تمارا زی بادشاہی اتی دیو

8

یوحنسکون دیپیا سودیدار ایچ

Johannis Apocalpysis in Linguam Indostanicum. Translatum A. Viro Plur Reverendo Benj. Schultzio, Evangelico in India Missionario. Edidit et praefatus est D. Jo. Henr. Callenbergius, Theol and Phil. Prof. Pub Ord. Halae, In typographia Orientali Instituti Judaic and Muhammadici, 1748]
92p. 17 cm.

اس کا ایک ہی سرورق ہے، پہلے اردو عنوان دیا گیا ہے اور اسکے بعد لاطینی۔

# 1749

9

یشوعا کے ہات سوں بیتھہ جنا ہوا سو کا سیدان چلائی سو حقیقت کا کیتاب ایچ

[ Acta Apostolorum in Linguam Indostanicum. Translatum a Viro Plur Reverendo Benjam Schultzio Evangelico in India Missionario. Edidit et Praefatus est D. Jo. Henr. Callenbergius, Theol and Phil. Prof. Pub Ord.. Halae, in Typographia Orientali Instituti Judaic and Muhammadici, 1749]
192p. 17cm.

یہ ۲۸ فاصلوں (فصلوں) پر مشتمل ہے اس کا صرف اردو سرورق ہے جو چوبی بلاک سے چھاپا گیا ہے۔

10

137989

لوکا اوسکا انجیل ایچ

Marfat.com

Evangelium lucae in linguam Indostanicum Translatum a viro plur Reverendo Benjam Schulttzio, Evangelico in India Missionario. Edidit et Prae Fatus est D.Jo. Henr Callenbergius Theol and phil Prof. Pub Ord. Halae, In Typographia Orientali , InstitutiJudaici,1749.
202p. 17 cm.

اس کے بھی دو سرورق ہیں۔ پہلے لاطینی اور اس کے بعد اردو

11

قاصد عیسو پولوس ایفیسوس والیا نکون لیکھو بھیجی سو کاغذ لیخ
Pauli Apostoli, Epistola ad Ephesios in linguam Indostanicum Translatum a viro plur Reverendo Benjam Schultzio, evangelico in India Missionnario. Edidit D. Jo. Henr Callenbergius, Theol, et, Phill, Prof. Pub. Ord. Halae, In typographia Orientali Instituti Judaic and Muḥammadi ci, 1749.
22p. 17 cm.

اس کا ایک ہی سرورق ہے - پہلے اردو عنوان دیا گیا ہے اس کے پہلے دو اور آخری پانچ الفاظ ٹائپ اور بقیہ چوبی بلاک سے چھاپے گئے ہیں اس کے بعد لاطینی عنوان ہے۔

12

قاصد عیسو پولوس غلاطیا والیا نکون لیکھو بھیجی سو کاغذ لیخ
Pauli Apostoli, Epistola ad Galatas in linguam Indostanicum. Translatum a viro plur Reverendo Benjam Schultzio, evangelico, in India Missionario. Edidit D. Jo. Henr Callenbergius, Theol, et, Phil, Prof. Pub. Ord. Halae, In typographia Orientali, Instituti Judaic and Muhammadici, 1749.
22p. 17 cm.

اس کا ایک ہی سرورق ہے۔ پہلے اردو عنوان دیا گیا ہے اس کے پہلے تین اور آخری پانچ الفاظ ٹائپ اور بقیہ چوبی بلاک سے چھاپے گئے ہیں اس کے بعد لاطینی عنوان ہے۔

13

قاصد عیسو فلیپیکی شہر والیا نکون لیکھو بھیجی سو کاغذ لیخ

Marfat.com

Pauli Apostoli. Epistola ad Philippenses in linguam Indostanicum. Translatum a viro plur Reverendo Benjam Schultzio, evangelico in India Missionario. Edidit D. Jo. Henr Callenbergius, Theol, et, Phil, Prof. Pub. Ord. Halae, In Typographia Orientali Instituti Judaic and Muhammadici, 1749.
20 p. 17cm.

اس کا ایک ہی سرورق ہے۔ پہلے اردو عنوان دیا گیا ہے اس کے پہلے دو اور آخری پانچ الفاظ ٹائپ اور بقیہ چوبی بلاک سے چھاپے گئے ہیں اس کے بعد لاطینی عنوان ہے۔

14

قاصد عیسٰی سو پولوس رومین والیا نکون لیکھ بھیجی سو کاغذ لیجۓ

Pauli Apostoli, Epistola ad Romanos in Linguam Indostanicum. Translatum a viro plur Reverendo Benjam Schultzio, evangelico in India Missionario. Edidit et D. Jo. Henr. Callenbergius, Theol, and, Phil, Prof. Pub. Ord. Halae, In Typographia Orientali, Instituti Judiac and Muhammadici, 1749.
80p.17 cm.

یہ سولہ فصلوں پر مشتمل ہے اس کا بھی صرف اردو سرورق ہے جو چوبی بلاک سے چھاپا گیا ہے۔

15

قاصد عیسو پولوس کورنتی والیان کو لیکھو بھیجی سو دوسرا کاغذ لیجۓ

Pauli Apostoli. Posterior epistola ad Corinthios in linguam indostnaicum. Translatum a viro plur Reverendo Benjam Schultzio, evangelico in India Missioario. Edidit D. Jo. Henr Callenbergius, theol, et, Phil, Prof. Pub. Ord. Halae, In typographia Orientali Instituti Judiac and Muhammadici, 1749.
50p. 17cm.

اس کا ایک ہی سرورق ہے۔ پہلے اردو عنوان دیا گیا ہے اس کے پہلے تین اور آخری چار الفاظ ٹائپ اور بقیہ چوبی بلاک سے چھاپے گئے ہیں اس کے بعد لاطینی عنوان ہے۔

Marfat.com

16

قاصد ہین سوپولوس کورنتوس والیان کو لیکھو بھیجی سو پہلیکا کاغذ لیخ

Pauli Apostoli. Proir Epistola ad Corinthios in linguam Indostanicum. Translatum a viro plur Reverendo Benjam Schultzio, evangelico in India Missionario. Edidit D. Jo. Henr Callenbergius, theol, et, Phil, Prof. Pub. Ord. Halae, In typographia Orientali Instituti Judaic and Muhammadici, 1749.
78p. 17 cm.

اس کا ایک ہی سرورق ہے۔ پہلے اردو عنوان دیا گیا ہے اس کے پہلے تین اور آخری پانچ الفاظ ٹائپ اور بقیہ چوبی بلاک سے چھاپے گئے ہیں اس کے بعد لاطینی عنوان ہے۔

# 1750

17

قاصد ھیسو پیطروس سار یا نکون بھی لیکھو بھیجی سو پہیلا کاغذ لیخ

Apostoli Perti. Epistola Prima in linguam Indostanicum. Translatum a viro plur Reverendo Benjam Schultzio, evangelico in India Missionario. Edidit D. Jo. Henr Callenbrgius, theol, et, Phil, Porf. Pub. Ord. Halae, In typographia Orientali Instituti Judaic and Muhammadici, 1750.
26-42p. 17 cm.

اس کا ایک ہی سرورق ہے پہلے اردو عنوان دیا گیا ہے اس کے پہلے دو اور آخری پانچ الفاظ ٹائپ اور بقیہ چوبی بلاک سے چھاپے گئے ہیں اس کے بعد لاطینی عنوان ہے۔

18

قاصد ھیسو پیطروس سار یا نکون بھی لیکھو بھیجی سو دسرا کاغذ لیخ

Apostoli Perti, Epostola Secunda in linguam Idostanicum. Translatum a viro plur Reverendo Benjam Schultzio, evangelico in India Missionario. Edidit D. Jo. Henr Callengergius,theol, et, Phil, Prof, Pub, Ord, Halae, In typographia Orientali Instituti Judaic and Muhammadici, 1750

Marfat.com

450-56p. 17 cm.

اس کا ایک ہی سرورق ہے۔ پہلے اردو عنوان گیا گیا ہے اس کے پہلے دو اور آخری پانچ الفاظ ٹائپ اور بقیہ چوبی بلاک سے چھاپے گئے ہیں اس کے بعد لاطینی عنوان ہے۔

19

قاصد حیسو یعقوب ساریا نکون بھی لیکھو بھیجی سو کاغذ لچ

Epistola Jacobi in Linguam Indostanicum. Translatum a viro plur Reverendo Benjam Schultzio, evangelico in India Missionario. Edidit D. Jo. Henr Callengergius, theol, et, Phil, Prof. Pub. Ord. Halae, In typographia Orientali instituti Judaic and Muhammadici, 1750.
20p. 17 cm.

اس کا صرف ایک سرورق ہے پہلے اردو عنوان دیا گیا ہے اور اس کے بعد لاطینی اردو عنوان کے پہلے دو اور آخری پانچ الفاظ ٹائپ سے چھاپے گئے ہیں اور بقیہ بلاک سے۔

20

قاصد حیسو یوخنس ساریا نکون بھی لیکھو بھیجی سو پہلیکا کاغذ لچ

Johannis Apostoli. Epistola Prima in linguam indostanicum. Translatum a viro plur Reverendo Benjam Schultzio, evangelico in India Missionario. Edidit D. Jo. Henr Callenbergius, theol, et, Phil, Prof, Pub, Ord. Halae, In typographia Orientali Instituti judaic and Muhammadici, 1750.
59-60 p. 17 cm.

اس کا ایک ہی سرورق ہے۔ پہلے اردو عنوان دیا گیا ہے اس کے پہلے دو اور آخری پانچ الفاظ ٹائپ اور بقیہ چوبی بلاک سے چھاپے گئے ہیں اس کے بعد لاطینی عنوان ہے۔

21

قاصد حیسو یوخنس ساریہا نکون بھی لیکھو بھیجی سو دوسرا کاغذ لچ

Johannis Apostoli. Epistola Secunda in linguam indostanicum Transaltum a viro plur Reverendo Benjam Schultzio, evangelico in India Missionario. Edidit D. Jo. Henr Callenbergius, theol, et,

Marfat.com

Phil, Prof. Pub. Ord. Halae, In typographia Orientali Instituti Judaic and Muhammadici, 1750.
80p. 17cm.

اس کا ایک ہی سرورق ہے۔ پہلے اردو عنوان دیا گیا ہے اس کے پہلے دو اور آخری پانچ الفاظ ٹائپ اور بقیہ چوبی بلاک سے چھاپے گئے ہیں اس کے بعد لاطینی عنوان ہے۔

22

قاصد عیسو یوحنس ساریا نکون بھی لیکھو بھیجی سو تیسرا کاغذ لیخ

Johannis Apostoli. Epistola Tertia in linguam Indostanicum Translatum a viro plur Reverendo Benjam Schultzio, evangelico in India Missionario. Edidit D. Jo. Henr Callenbergius, theol, et, Phil, Prof. Pub. Ord. Halae, in typographia Orientali Instituti Judaic and Muhammadici 1750.
83- 84 p. 17 cm.

اس کا ایک ہی سرورق ہے۔ پہلے اردو عنوان دیا گیا ہے اس کے پہلے دو اور آخری پانچ الفاظ ٹائپ اور بقیہ چوبی بلاک سے چھاپے گئے ہیں اس کے بعد لاطینی عنوان ہے۔

23

قاصد عیسو یہودس ساریا نکون بھی لیکھو بھیجی سو کاغذ لیخ

Judae Apostoli. Apistola in linguam Indostanicum. Translatum a viro plur Reverendo Benjam Schultzio, evangelico in India Missionario. Edidit D. Jo. Henr Callenbergius, theol, et, Phil, Prof. Pub. Ord. Halae, In typographia Orientali Instituti Judaic and Muhammadici, 1750.
87- 92 p. 17 cm.

اس کا ایک ہی سرورق ہے۔ پہلے اردو عنوان دیا گیا ہے اس کے پہلے دو اور آخری پانچ الفاظ ٹائپ اور بقیہ چوبی بلاک سے چھاپے گئے ہیں اس کے بعد لاطینی عنوان ہے۔

24

قاصد عیسو پولوس کولسا کے شہر والیا نکون لیکھو بھیجی سو کاغذ لیخ

Pauli Apostoli. Epistola ad Colosseneses in linguam

Marfat.com

Indostanicum. Translatum a viro plur Reverendo Benjam Schultzio, evangelico in India Missionario. Edidit D. Jo. Henr Callenbergius, theol, et, Phil, Prof. Pub. Ord. Halae, In typographia Orientali Instituti Judaic and Muhammadici, 1750.
18p. 17 cm.

اس کا ایک ہی سرورق ہے۔ پہلے اردو عنوان دیا گیا ہے اس کے پہلے دو اور آخری پانچ الفاظ ٹائپ اور بقیہ چوبی بلاک سے چھاپے گئے ہیں اس کے بعد لاطینی عنوان ہے۔

25

پولوس عیبریا کے ذاتوالے لیکھو بھیجی سو کاغذ لیخ

Pauli Apostoli. Epistola ad Hebraeos in linguam Indostanicum. Translatum a viro plur Reverendo Benjam Schultzio, evangelico in India Missionario. Edidit D. Jo. Henr Callenbergius, theol, et, Phil, Prof. Pub. Ord. Halae, in typographia Orientali Instituti Jadaic and Muhammadici, 1750.
54p. 17 cm.

اس کا ایک ہی سرورق ہے، پہلے اردو عنوان دیا گیا ہے اس کے پہلے دو اور آخری پانچ الفاظ ٹائپ اور بقیہ چوبی بلاک سے چھاپے گئے ہیں اس کے بعد لاطینی عنوان ہے۔

26

قاصد عیسو پولوس فیلیموئکون لیکھو بھیجی سو کاغذ لیخ

Pauli Apostoli. Epistola ad Philmonem Indostanice. [Halae, In typographia Orientali Instituti judaic and Muhammadici], 1750.
4p. 17 cm.

اس کا عنوان صرف آدھے صفحے پر دیا گیا ہے پہلے اردو عنوان ہے جو ٹائپ سے چھاپا گیا ہے اور اس کے بعد لاطینی عنوان ہے۔

27

قاصد عیسو پولوس تیطوسکون لیکھو بھیجی سو کاغذ لیخ

Pauli Apostoli. Epistola ad Titum in linguam Indostanicum. Tanslatum a viro plur Reverndo Benjam Schultzio, evangelico

Marfat.com

in India Missionario. Edidit D.Jo. Henr Callenberguis, theol,et, Phil, Prof. Pub. Ord. Halae, In typographia Orientali Instituti Judaic Muhammadici, 1750.
12 p. 17 cm

اس کا ایک ہی سرورق ہے پہلے اردو عنوان دیا گیا ہے اس کے پہلے دو اور آخری پانچ الفاظ ٹائپ اور بقیہ چوبی بلاک سے چھاپے گئے ہیں اس کے بعد لاطینی عنوان ہے۔

28

قاصد عیسو پولوس تسلونیا کے شہر والیا نکوں لیکھو بھیجی سو دوسرا کاغذ ہے

Pauli Aposttoli. Posterior epistola ad Thessalonicenses in linguam Indostanicum. Translatum a viro plur Reverendo Benjam Schultzio, evangelico in India Missionario. Edidit D. Jo. Henr Callenbergius, theol,et, Phil, Prof. Pub. Ord. Halae, In typographia Orientali Instituti Judaic and Muhammadici, 1750.
21-30p. 17 cm.

اس کا ایک ہی سرورق ہے۔ پہلے اردو عنوان دیا گیا ہے اس کے پہلے دو اور آخری پانچ الفاظ ٹائپ اور بقیہ چوبی بلاک سے چھاپے گئے ہیں اس کے بعد لاطینی عنوان ہے۔

29

قاصد عیسو پولوس تیموتھ تاوسکوں لیکھو بھیجی سو دوسرا کاغذ ہے

Pauli Apostoli. Posterior epistola ad Timotheum in linguam Indostanicum. Translatum a viro plur Reverendo Benjam Schultzio, evangelico in India Missionario. Edidit D. Jo. Henr Callenbergius, theol, et, Phil, Prof. Pub. Ord. Halae, In typographia Orientali Instituti Judaic and Muhammadici, 1750.
25- 38p. 17 cm.

اس کا ایک ہی سرورق ہے پہلے اردو عنوان دیا گیا ہے اس کے پہلے دو اور آخری پانچ الفاظ ٹائپ اور بقیہ چوبی بلاک سے چھاپے گئے ہیں اس کے بعد لاطینی عنوان ہے۔

30

قاصد عیسو پولوس تسلونیا کے شہر والیا نکوں لیکھو بھیجی سو پہلیکا کاغذ ہے

Marfat.com

Pauli Apostoli. Prior epistola ad Thessalonicneses in linguam Indostanicum. Tanslatum a viro plur Reverendo Benjam Shcultzio, evangelico in India Missionario Edidit D. Jo. Henr Callenbergius, theol, et, Phil, Prof. Pub. Ord. Halae, in typographia Orientali Instituti Judaic and Muhammadici, 1750.
30p. 17 cm.

اس کا ایک ہی سرورق ہے۔ پہلے اردو عنوان دیا گیا ہے اس کے پہلے دو اور آخری پانچ الفاظ ٹائپ اور بقیہ چوبی بلاک سے چھاپے گئے ہیں اس کے بعد لاطینی عنوان ہے۔

## 31

قاصد حیسو پولوس تیموتت اوسکون لیکھو بھیجی سو پہیلا کاغذ ربخ

Pauli Apostoli. Prior epistola ad Timotheum in linguam Indostnicum. Translatum a viro plur Reverendo Benjam Schultzio, evangelico in India Missionario. Edidit D. Jo. Henr Callenbergius, theol, et, Phil, Prof. Pub. Ord. Halae, In typographia Oreintali Instituti Judaic and Muhammdici, 1750.
22p. 17cm.

اس کا ایک ہی سرورق ہے۔ پہلے اردو عنوان دیا گیا ہے اس کے پہلے دو اور آخری پانچ الفاظ ٹائپ اور بقیہ چوبی بلاک سے چھاپے گئے ہیں اس کے بعد لاطینی عنوان ہے۔

# 1751

## 32

میتھے اوسکا انجیل ربخ

Evangelium Matthaei in linguam Indostanicum. Translatum a viro Plur Reverendo Benj. Schultzio Evangelico in India Missionario. Edidit D. Jo. Henr Callenbergius Theol & Phill. Prof. Pub. Ord. Halae, In typographia Orientali Instituti Judaic and Muhammadici, 1751.
160p. 17cm.

اس کے دو سرورق ہیں پہلے لاطینی اور اس کے بعد اردو۔ اردو عنوان بلاک سے چھاپا گیا ہے۔

Marfat.com

# 1758

## 33

یوخنسکون دیسیا سوا پوکلیپیا سودیدار لیخ

Juhannis Apocalypsis in linguam Indostanicum translata a viro Plur Reverendo Bejam. Schultzio Evangelico in India Missionario. Edidit D. Jo. Henr. Callenbergius. Theol. et Phil. Prof. Pub. Ord. Halae, in typographia Orientali Instituti Judaic and Muhammadici, 1758.
92p. 17 cm.

اس کا ایک ہی سرورق ہے۔ پہلے اردو عنوان دیا گیا ہے یہ چوبی بلاک سے چھاپا گیا ہے اس کے بعد لاطینی عنوان ہے۔

## 34

یوخنس کا انجیل لیخ

Johannis Evangelium in linguam Indostanicum Translatum a viro Plur Reverendo Benj. Schultzio, evangelico in India Missionario.Edidit D.Jo. Henr Callenbergius,theol, et, Phil, Prof. Pub. Ord. Halae, In Typographia Orientali, Instituti Judaici, 1758.
144p. 16 cm.

اس کے بھی دو سرورق ہیں پہلے لاطینی اور اس کے بعد اردو میں۔

## 35

مرکوسکا انجیل لیخ

Marci Evangelium in linguam Indostanicum. Translatum a viro Plur Reverendo Benj. Schultzio Evangelico in India Missionario. Edidit D. Jo. Henr Callenbergius Theol & Phil, Prof. Pub. Ord. Halae, in typographia Orientali Instituti Judaic and Muhammadici, 1758.
110p. 17 cm.

Marfat.com

یہ مرقس کی انجیل کا ترجمہ ہے۔ اس کے بھی دو سرورق ہیں۔ پہلے لاطینی اور اس کے بعد اردو میں۔

36

اللہ بھی آدمی بھی جینو۔ ایشوع مشیعا کے اوپر لیکھا ھواسو نوا قول کا کیتاب ربّ

Novum Jesu Christi Testamentum in linguam Indostanicam. Translatum a viro plur Reverndo Benjam Schultzio, evangelico in India Missionario. Edidit D. Jo. Henr Callenbergius, theol, et, Phil, Prof. Pub. Ord. Halae, In typographia Orientali, Instituti Judaici, 1758.
12p. 16cm.

اس کا لاطینی سروق کے بعد اردو سرورق ہے جو چوبی بلاک سے چھاپا گیا ہے اس کے بعد Narratio de edito Novo Testamento Indostanico. کے عنوان کے تحت گالنبرگ کا ۱۲ صفحات پر مشتمل مقدمہ ہے۔ یہ لاطینی زبان میں ہے۔

# 1770

37

Hadley, George
A grammar and vocabulary of the Moors Language. [London, 1770?]
Based on Hadley's Grammar and described by Hadley in the introduction to his Grammatical remarks. (London 1772) as "A mutilated embroye of my work of 1765 to which had been subjoined a vocabulary.

اس کے مصنف جارج ہیڈلے (وفات ۱۷۹۸ء) نے ۱۷۶۳ء کیڈٹ کی حیثیت سے ایسٹ انڈیا کمپنی میں ملازمت اختیار کی۔ ۵ فروری ۱۷۶۴ء کو لیفٹیننٹ اور ۲۶ جولائی ۱۷۶۴ء کو کپتان کے عہدے پر فائز ہوئے۔ ۱۷۷۱ء میں فوج سے ریٹائر ہوئے۔ ہیڈلے نے ہندوستان آنے کے بعد ہندوستانی زبان سیکھنا شروع کی اور ۱۷۶۵ء میں اس کی گرامر مرتب کی۔ ہیڈلے نے اس کا ذکر کرتے ہوئے اپنی کتاب اے گرامیٹیکل ریمارکس کے ۱۷۷۲ء ایڈیشن کے دیباچہ میں لکھا ہے کہ اس کے مسودہ کی ایک کاپی کسی طرح لندن کے ایک پبلشر نے حاصل کر کے ۱۷۷۰ء میں شائع کر دی۔ جارج

Marfat.com

ہیڈلے کو اس کا جو علم ہوا تو اس نے اپنے مسودے کی تصحیح اور ترمیم کر کے ۱۷۷۲ء میں اسے لندن سے شائع کیا۔ بعد میں اس کے سات ایڈیشن شائع ہوئے۔ ساتواں ایڈیشن لندن سے ۱۸۰۹ء میں شائع ہوا۔ ہیڈلے کی ایک دوسری کتاب Introductory grammatical remarks on the Persian language, with a vocabulary English and Persian جو باتھ، انگلستان سے ۱۷۷۶ء میں شائع ہوئی۔ ہیڈلے نے ۱۰ دسمبر ۱۷۹۸ء کو لندن میں وفات پائی۔

# 1771

## 38

Beligatti de Macerata, Cassiano,
Alphabetum Barmmhanicum seu Indostanum Universitatis Kasi.
Romae: Typis Sac. Congregationis de Propaganda Fide, 1771.
xx, 152p. 17 cm.

اس کے مصنف بیلی گاتی (Beligatti) (1785 -1708) اور اس کے مولف امادوزی (Amaduzzi) ہیں اس کا دیباچہ امادوتس (Amadutius) کا لکھا ہوا ہے۔ اس میں کاسی میں بولی جانے والی زبان کے متعلق لکھا ہے کہ یہاں دو زبانیں استعمال کی جاتی ہیں۔ سنسکرت برہمنوں کی زبان ہے اور یہ لوگ اسے عوام اور غیر ملکیوں سے خفیہ رکھتے ہیں۔ عوام ہندوستانی زبان بولتے ہیں جو ناگری خط میں لکھی جاتی ہے۔

مصنف نے اس کتاب کے ایک حصے میں اس زبان کی تفصیلات دی ہیں۔ ہندوستانی الفاظ اور کلمات کو رومن اور بعض جگہ ناگری خط میں دیا ہے۔ اس کے ۱۱۳ سے ۱۱۴ صفحات پر ناگری رسم الخط میں ہندوستانی زبان کے حروف تہجی ہیں۔

مثالیں

Sri Ganesa ja nam          Sri parmesuor ka nam par.

## 39

Hadley, George
Grammatical remarks on the practical and vulgar dialect of the Indostan Language, Commonly called Moors. With a vocabulary, English and Moors, the spelling according to Persian

Marfat.com

orthography wherein are references between words resembling each other in sound and different in their significations, with literal translations and explanations of the compounded words and circumlocutory expressions for the more easy attaining the idiom of the language. The whole calculated for the common practice in Bengal. by capt. George Hadley, London, Printed for T. Cadell in the Strand, 1772.
XVI, 133p. 20 cm.

اس کا ایک عکسی ایڈیشن ۱۹۷۲ء میں منسٹن انگلستان سے شائع ہوا تھا۔ پہلے ۴۸ صفحات پر گرامر کے اصول دیے گئے ہیں اس کے بعد کتاب کے دوسرے حصے A new vocabulary, English and Moors; the spelling according to Persian orthography. کا سرورق ہے۔ اس کے بعد (ص، ۵۶ - ۵۱) اس حصہ کا دیباچہ ہے۔ لغت کا حصہ صفحہ ۵۷ سے شروع ہوتا ہے۔ پہلے انگریزی لفظ ہے اس کے مقابل اردو متبادل۔ آخر میں صفحہ ۱۵۲ پر مہینوں کے نام Maug, Paugun, Cheate وغیرہ درج ہیں۔ اس کے بعد صفحات ۱۵۵ - ۱۵۳ پر گنتی دی گئی ہے۔

وکیبولری میں ۲۲۵۵ الفاظ شامل ہیں۔
مثالیں

Nut-phull Health-tubcat
Labour- minnutt
Knowledge- aukoof. aukul
Accounts- Hissaube To add- Theek Dana, literally to give right and fit.
Abroad- Bauhar
Absolute-Jebbur
Accept-lana
Aloud-shoer
Next- Aukhree

ایک طرف انگریزی محاورے اور فقرے ہیں اور مقابل میں دوسرے صفحہ پر اردو متبادل۔
All's well- Sum araum [sab aram]
The enemy is fled- Dushman bagh hy [Dushman Bhage Hai]
Who made this butter- Eah muckhum kone baniah?

Marfat.com

40

Fergusson, John.

A dictionay of the Hindostan Language; in two parts. English and Hindostan. II Hindostan and English. The latter containing a great variety of phrases, to point out the idiom and facilitate the acquisition of the language. To which is prefixed a grammar of the Hindostan language. by John Fergusson, A.M. Captain in the srevices of the Honourable East India Company. London, printed for the author and sold by T. Cadell 1773.

8,58p. Grammer; 106p. An English and Hindostan Dictionary; 112p. An Hindostan and English Dictionary. 26cm.

فرگسن نے اپنی اس کتاب کو اپنے بادشاہ کے نام معنون کیا ہے اور لکھا ہے کہ برطانوی بحریہ اب یورپ میں سب سے زیادہ طاقتور ہے اور اس کی مدد سے ایشیائی ممالک کو آسانی سے سرنگوں کیا جا سکتا ہے۔ اس مقصد کے حصول میں ہمیں جو دشواریاں پیش آئیں گی وہ وہاں کی زبانیں ہیں۔ اگر ہم نے یہ زبانیں سیکھ لیں تو ہم ان ممالک کو ہمیشہ کے لیے اپنے ماتحت کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔

دیباچہ میں ہندوستان کے متعلق جو معلومات دی گئی ہیں ان میں ہندوستان کی آبادی گیارہ ملین درج ہے جس میں سے دس ملین ہندو اور ایک ملین مسلمان ہیں۔

فرگسن نے ہندوستانی زبانوں کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہاں کی تین اہم زبانیں ہیں سنسکرت، جو برہمنوں کی زبان ہے، فارسی- دربار، دفاتر، لین دین اور پڑھے لکھے لوگوں کی اور ہندوستانی جو عوام کی، خواہ وہ ہندو ہوں یا مسلمان، پڑھے لکھے ہوں یا ان پڑھ، درباری ہو یا گنوار۔ فرگسن نے ہندوستانی زبان اپنے مدنا پور کے قیام کے دوران وہاں کے ریذیڈنٹ جان گراہم کے مشورہ پر سیکھنا شروع کی تھی۔

اس لغت کے دیباچہ میں فرگسن نے ۱۷۷۰ء سے قبل شائع ہونے والی دو اور کتابوں کا ذکر کیا ہے۔ ان میں ایک تو ہیڈلے کی گرامر ہے اور دوسری یا تو ہیڈلے کی گرامر کا چربہ ہے جو غالباً ۱۷۷۰ء میں شائع ہوا تھا یا ارابرٹسن کی انڈین گلوسری کا پہلا ایڈیشن ہے۔

فرگسن نے اس ڈکشنری میں ہندوستانی الفاظ کو رومن حروف میں لکھا ہے۔ یہ ڈکشنری تین حصوں میں منقسم ہے۔ پہلے حصے میں انگریزی الفاظ اور ان کے اردو متبادل ہیں دوسرے حصے میں اردو الفاظ اور ان کے انگریزی معنی ہیں۔

مثالیں

انگریزی - اردو



Marfat.com

Idler- Soost wala
Ilness- Bearamee
Improvement-Bala Kurrie
Independent- Be-elaka

اردو - انگریزی

Geet-f-Song, Ballad, Chant.
Mohabet ka Geet too gae mujko khushee karna ko. Do you sing a love song to give me pleassure.
Ghazie.f. 1. Judge 2. Mohamedan priest. Ghazi mujko hukk booje deha- The Judge administered equity to me.
Lerna. v.a. to fight. To engage. Sepoyon khoobe lertte. The Sepoy fight well.

# 1774

41

Hadley, George
Grammatical Remarks on the practical and vulgar dialect of the Indostan Language,Commonly called Moors. With a vocabulary, English and Moors, the spelling according to Persian orthography wherein are references between words resembling each other in sound and different in their significations, with literal translations and explanations of the compounded words and circumlocutory expressions for the more easy attaining the idiom of the language. The whole calculated for the common practice in Bengal. By capt. George Hadley. 2nd ed. London, Printed for T. Cadell, in the Strand, 1774.
XVIII, 19-155p. 20cm.
یہ اس کا دوسرا ایڈیشن ہے۔ سرورق کے علاوہ متن میں کسی قسم کی تبدیلی یا اضافہ نہیں کیا گیا۔

Marfat.com

# 1777

## 42

Gladwin, Francis
The ayin Akbary, or the Institute of the Emperor Akbar. Translated from the origional Persian [and] An Asiatic Vocabulary compiled by Francis Gladwin in the service of Honourable the East India Company at Bengal, London. Printed by William Richardson, and sold by T. Longman etc., 1777.
iv,8,[7]p. 17cm.

اس کے مؤلف فرانس گلیڈون (وفات ۱۸۱۳ء) کی زندگی کے متعلق زیادہ معلومات نہیں ملتیں۔ آپ بنگال آرمی میں ملازم تھے۔ گورنر جنرل وارن ہیسٹنگز کی ایما پر ابوالفضل کی آئین اکبری کا انگریزی ترجمہ کر کے ۱۷۸۳ء اور ۱۷۸۶ء میں کلکتہ سے شائع کیا۔ اردو کے تعلق سے اس کی سب سے بڑی خدمت ان کی پرشین، ہندوستانی، انگلش ڈکشنری ہے جو کلکتہ سے ۱۸۰۹ء میں شائع ہوئی۔ ۱۸۰۱ء میں گلیڈون کا تقرر پٹنہ میں کلکٹر آف کسٹمز کے عہدہ پر ہوا اور آپ غالباً اسی شہر میں ۱۸۱۳ء میں فوت ہوئے۔ گلیڈون نے یہ کتابچہ اپنی کتاب آئین اکبری کے انگریزی ترجمہ کی اشاعت کی تشہیر کے لیے شائع کیا تھا۔ اس کے آخری سات صفحات پر گلیڈون کی ایک دوسری کتاب این ایشیاٹک وکیبولری سے ۶۸ الفاظ پر مشتمل فارسی، اردو اور عربی لغت کا نمونہ پیش کیا گیا ہے۔

اس کے دیباچہ میں کہا گیا ہے کہ یہ لغت بڑے سائز کی تین جلدوں پر مشتمل ہوگی اور اس کی پہلی جلد ۱۷۷۸ء میں شائع ہوگی اور اس میں عربی، فارسی اور ہندوستانی الفاظ کے علاوہ ہندوستانی گرامر کے اصول بھی دیے جائیں گے۔ اس کی دوسری جلد میں وہ الفاظ دیے جائیں گے جو سنسکرت اور ہندوستان کی دیگر زبانوں سے ہندوستانی میں داخل ہوئے ہیں۔ یہ ۱۷۷۸ء میں شائع ہوگی۔ گلیڈون کی یہ ڈکشنری مذکورہ بالا اعلان کے مطابق شائع نہ ہو سکی۔ اس کی صرف پہلی جلد اے ڈکشنری آف پرشین، ہندوستانی اینڈ انگلش کے عنوان سے ۱۸۰۵ء میں شائع ہوئی۔ اس میں پہلے انگریزی لفظ درج ہے اس کے بعد اس کے عربی، فارسی اور ہندوستانی متبادل۔

نمونہ

Accuser- Arabick - متہم - ارباب تہمت
Persick - ارباب تہمت
Hindostany - تہمت دہندہ - وحسا دینے والا
Abortion- Arabick - سقوط حمل -

Marfat.com

Persick - سقوط حمل، دفع حمل-
Hindotany دفع حمل، بچا کھچا گیرنا-

# 1778

## 43

Gramatica Indostana, a mais vulgar que se practica no imperio do gran Mogol. Offerecida Aos Muitos Reverendos Padres Missionarios de ditto Imperio. En Roma, Na Estamperia da Sagr ada Congregacao de Propaganda Fide, 1778.
3 p. 18 cm 136.

اس کا دوسرا ایڈیشن متن میں تبدیلی کے بغیر ۱۸۰۵ء میں لزبن (پرتگال) سے شائع ہوا۔ گریرسن نے اس کتاب کی بہت تعریف کی ہے اور اپنے موضوع پر لکھی گئی کتابوں میں سب زیادہ مفید قرار دیا ہے۔ یہ سائنٹیفک اصولوں پر لکھی گئی ہے۔ اس کے مصنف یا مصنفین کو اس زبان پر اچھا عبور حاصل تھا۔

اس میں نہ تو مصنف کا نام ہے اور نہ ہی تاریخ تصنیف۔ البتہ اس کے آخری صفحہ پر مغل بادشاہوں کے ناموں کی جو فہرست دی گئی ہے وہ تیمور سے شروع ہو کر محمد شاہ پر ختم ہوتی ہے۔ اس فہرست سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ کتاب محمد شاہ کے دور میں تصنیف کی گئی تھی۔
اس فہرست کے بعد ایک دوسرے صفحہ پر روم کے مذہبی پروپگنڈہ کالج کے پرنسپل کارڈینل جوزف کا ایک مختصر سا نوٹ ہے جس میں کہا گیا ہے "یہ کتاب تبلیغی جماعت کے سیکرٹری سٹیفن بورگیا (Stefano Borgia) نے سلطنت مغلیہ میں بولی جانے والی زبان کو سیکھنے میں مدد دینے کے لیے رومن رسم الخط میں شائع کیا ہے تاکہ عیسائی مبلغین اور ہندوستان میں رہنے والے کیتھولک اس سے استفادہ کر سکیں۔ اس کتاب کی اشاعت کے اخراجات کی ذمہ داری تبلیغی جماعت کے پادریوں نے لی ہے۔ ۲۶ جنوری ۱۷۷۸ء"۔
مذکورہ بالا عبارت سے یہ واضح نہیں ہوتا کہ آیا سٹیفن بورگیا نے محض اس کی اشاعت کی ذمہ داری لی تھی یا اس کی تصنیف اور تالیف میں بھی شریک ہوا تھا۔ کتاب کے شروع میں پیش لفظ یا دیباچہ کے بجائے "سیکھنے والوں کے لیے ہدایات ---" کے عنوان کے تحت ایک مختصر سا نوٹ دیا گیا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ یہ زبان مغل سلطنت کے ہر حصے میں بولی اور سمجھی جاتی ہے۔
کتاب کا آغاز اردو حروف تہجی اور ان کے پرتگیزی متبادل سے ہوتا ہے۔ پھر اسم، مصادر اور

Marfat.com

فعلوں کا بیان ہے۔ اس کے بعد مختلف عنوانات کے تحت اردو الفاظ کی وکیبولری درج ہے۔ اس میں دیے گئے عنوانات میں: طرح گنتی کی، تاریخ چاند کی، مہینوں کے نام، ہفتے کے دن، نام خدا کے، زمین کی چیزوں کے نام، نام میوے کے، نام روٹیوں کے اور اناجوں کے، نام دھاتوں کے، نام بہت چیزوں کے جو جانوروں سے نکالتے ہیں، نام کپڑوں کے، اعضاء تن کے، نام امراض کے، نام جواہر و نادر پتھروں کے، نام جڑیوں اور بوٹیوں کے، نام پھولوں کے، نام یبجوں کے، باتیں جگہوں کی، مردوں کی خصوصیات، نام رشتہ داروں کے شامل ہیں۔ ہر عنوان کے تحت دیے گئے الفاظ کے بعد ان اسما اور افعال کی فہرست ہے۔ اس کے بعد "فعل جو ان ناموں کے مذکور ہوتے ہیں" کے تحت فعلوں کی فہرست درج ہے۔ نام کپڑوں کے تحت جو وکیبلری دی گئی ہے اس میں مندرجہ ذیل الفاظ شامل ہیں: بندی، پگڑی، سرپوش، بائنا، پٹی، سرپیچ، کالاگنی، دوپٹہ، رضائی، دولائی، شال، کرتی اسی طرح اعضاء تن کے تحت پیٹ، مور، ران، تلوا، پنڈلی، بیٹھہ، نس اور انگلی شامل ہیں۔

# 1782

## 44

Abstract of the articles of war, in English, Persian and the Hindostan Dialect.

ایبسٹرکٹ آف دی آرٹیکل آف وار -- بعضے حکم، آئین، قاعدے کے جو انگریزی فوج کے بندوبست کے واسطے مقرر ہوئے ہیں [انگریزی، فارسی اور ہندوستانی میں، فارسی و ہندوستانی ترجمہ از ولیم کرک پیٹرک

Calcutta, Printed by Order of the Honourable Governer General in Council, Charles Wilkins Superintendent of the Press, 1782.

[3],41p.

کرک پیٹرک (۱۸۱۲ء - ۱۷۵۴) کے والد مدراس آرمی میں کرنل تھے، ولیم کرک پیٹرک ۱۷۷۱ء میں کیڈٹ کی حیثیت سے بنگال آرمی میں ملازم ہوئے اور جون ۱۸۱۱ء میں میجر جنرل کی حیثیت سے ریٹائرڈ ہوئے۔ ہندوستان میں پہنچتے ہی آپ نے فارسی زبان سیکھنا شروع کی۔ ۱۷۷۷ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی کی بنگال آرمی کے کمانڈر انچیف جان سٹبلرٹ کے فارسی مترجم مقرر ہوئے اور اس زمانے میں آپ نے آرٹیکلز آف وار کا فارسی اور ہندوستانی ترجمہ کیا۔ اس کے بعد سندھیا کے دربار میں ریذیڈنٹ مقرر ہو کر گوالیار آئے۔ ۱۷۹۰ء اور ۱۷۹۱ء کے درمیان ٹیپو سلطان کے خلاف مہمات کے دوران دوبارہ فارسی مترجم کی حیثیت سے فوجوں کے ساتھ رہے۔ ۱۷۹۳ء میں نیپال اور

Marfat.com

تبت بھیجے گئے اور ۱۷۹۵ء میں حیدر آباد دکن میں ریذیڈنٹ مقرر ہوئے۔

۱۷۹۹ء میں ٹیپو سلطان کے خلاف آخری جنگ کے دوران دوبارہ فارسی مترجم مقرر ہوئے۔ ولزلے نے ٹیپو سلطان کے خلاف جنگ میں کامیابی کا ذکر کرتے ہوئے کرک پیٹرک کی خدمات کا اعتراف کیا تھا، ٹیپو سلطان کی شہادت کے بعد جب انگریزی فوج نے سرنگا پٹم کے شاہی محل پر قبضہ کیا تو ٹیپو سلطان کے ذاتی کتب خانہ اور نوادرات کا جائزہ لینے کی ذمہ داری کرک پیٹرک کے سپرد کی گئی۔ انڈیا آفس لائبریری میں موجود اس کتب خانہ سے لائے گئے جو نسخے ہیں ان پر عموماً کرک پیٹرک کی تحریریں موجود ہیں۔ آپ نے فارسی سے انگریزی تراجم کے علاوہ ٹیپو سلطان کے ذاتی خطوط اور روزنامچہ، ڈائری اینڈ لیٹرز آف ٹیپو سلطان Diary and letters of Tipu Sultan کے عنوان سے ترجمہ کر کے (لندن، ۱۸۰۴ء) شائع کیا تھا۔ ایبسٹرکٹ آف دی آرٹیکل آف وار ایسٹ انڈیا کمپنی کے فوجی احکامات کا مجموعہ ہے جو اس زمانے میں کمپنی کی افواج میں مروج تھے۔

سرورق پر انگریزی عنوان کے بعد خط نستعلیق میں اس کا فارسی عنوان، بعضے احکام از آئین و قوانین کہ برائے انتظام فوج انگریزی مقرر شدہ درج ہے۔ اس کے بعد اس کا ہندوستانی ترجمہ بعضے حکم، آئین و قاعدے کہ جو انگریزی فوج کے واسطے مقرر ہوئے ہیں دیا ہے۔ اس کے بعد یہ عبارت رومن حروف میں درج ہے۔

کتاب کا ہر صفحہ دو حصوں میں منقسم ہے۔ پہلے انگریزی متن ہے اس کے مقابل دوسرے کالم میں فارسی ترجمہ ہے۔ مقابل کے صفحہ پر ہندوستانی ترجمہ، ناگری خط میں اور اس کے مقابل یہی عبارت رومن رسم الخط میں دی گئی ہے۔ فارسی اور اردو ترجمہ ولیم کرک پیٹرک کا ہے جو انگریزی افواج کے سپہ سالار کے فارسی مترجم تھے۔

۱۷۸۲ء کے ایڈیشن میں ناگری ٹائپ کی عدم موجودگی کی وجہ سے ناگری عبارت کی جگہ خالی چھوڑ دی گئی تھی۔ بعض نسخوں میں ناگری عبارت قلم سے لکھی گئی تھی۔ فارسی عبارت چارلس ولکنز کے نستعلیق ٹائپ سے چھاپی گئی ہے۔ اس کا دوسرا ایڈیشن ولیم سکاٹ نے ۱۷۹۶ء میں کلکتہ سے شائع کیا تھا۔

سکاٹ، کرک پیٹرک کے بعد انگریزی افواج کے سپہ سالار کے فارسی مترجم تھے، اس کے دیباچہ میں سکاٹ نے ہندوستانی ترجمہ کی تصحیح اور ترمیم کے لیے گلکرسٹ کا شکریہ ادا کیا تھا۔ اس ایڈیشن کے صفحہ سات پر ہندوستانی الفاظ کا تلفظ اور ہندوستانی عبارت کو رومن خط میں دینے کی وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ انگریز افسر اس سے استفادہ کر سکیں اور اسے آسانی سے پڑھ کر اپنے ماتحت افسروں اور سپاہیوں کو سنا سکیں۔

اس کتاب کے کچھ حصے بعد کی کئی دوسری کتابوں مثلاً گلکرسٹ کی اور ٹیٹل لنگوسٹ (۱۷۹۸ء)

Marfat.com

میں شامل ہیں۔ اس کا ایک اور ایڈیشن ۱۸۴۰ء میں کلکتہ سے شائع ہوا۔
کتاب کی عبارت آئین دوم، باب دوم، در فتنہ و فساد کے عنوان سے شروع ہوتی ہے، اردو ترجمہ زیادہ تر لفظی ہے۔ ذیل میں جو اقتباس درج ہے وہ ۱۷۹۶ء کے ایڈیشن سے ماخوذ ہے، عبارت کو ناگری سے عربی رسم الخط میں تبدیل کر دیا گیا ہے: جو کوئی حوالدار یا کوئی چھوٹا عہدہ دار یا سپاہی اپنے سردار کی رخصت بنا اپنے رسالے یا کمپنی یا کسی تعینات سے اپنے تئیں غیر حاضر کرے اور یہ اس پر ثابت ہو تو تقصیر کے موافق سزا پاوے گا، کورٹ مارشل کی تجویز سے۔

## 45

Kirkpatrick, William
An accont of the plan and contents of the new Hindvi Grammar and Dictionary, Calcutta, 1782.
4 p. 23 cm.

چار صفحات پر مشتمل یہ پمفلٹ جو کرک پیٹرک نے اپنی ڈکشنری کی تشہیر کے لیے سب سے پہلے ۱۷۸۲ء میں شائع کیا تھا اب مفقود ہے۔ اس کا دوسرا ایڈیشن کرک پیٹرک کی ایک دوسری کتاب اے وکیبولری (دیکھئے نمبر ۵۰) کے ساتھ ۱۷۸۵ء میں شائع ہوا تھا۔ اس میں دی گئی تفصیلات کے مطابق کرک پیٹرک کا ارادہ ہندوستانی زبان کے متعلق سات جلدیں شائع کرنے کا تھا لیکن ان میں سے وہ صرف دو جلدیں شائع کر سکا۔ کرک پیٹرک نے دوسری جلدوں کی جو تفصیلات دی ہیں وہ درج ذیل ہیں:

جلد دوم: یہ دو حصوں میں ہوگی اور اس میں اسم اور مصادر پر بحث کی جائے گی۔
جلد چہارم: اس کا موضوع صرف و نحو اور محاورے ہوگا۔
جلد پنجم: اس کا موضوع اردو مصادر ہوگا۔
جلد ششم: یہ خالص ہندوی الفاظ کی فرہنگ ہوگی اور اس میں دو ہزار سے زائد الفاظ ہوں گے۔
جلد ہفتم: یہ عربی اور فارسی کے ان الفاظ پر مشتمل ہوگی جو ہندوستانی زبان کا حصہ بن چکے ہیں۔

## 46

Symphona Symphona sive urdecim Lingvarum orientalium discors exhibita concordia Tamulica Videlicet. Granthamicae, Telugicae, Samscrutamicae, Marathicae, Balabandcae, Canaricae, Hindustanicae, Gutzaratizae & Peguanicae, non

Marfat.com

Caracterifticae, qvibus, ut explicativo Harmonica Adjecta est Latina, Havniae, Typis Hallageri, 1782.

یہ سب لاطینی زبان میں ہے اور اس میں لاطینی الفاظ کے تامل، تیلگو، سنسکرت، گجراتی، مراٹھی اور ہندوستانی متبادل الفاظ لاطینی رسم الخط میں دیے گئے ہیں۔ پہلے لاطینی لفظ دیا گیا ہے اور اس کے تحت ہندوستانی اور دوسری زبانوں کے متبادل الفاظ ہیں۔

مثالیں

## 19. Tres

MURU Canaricum, Mavus Telugicum, Peguanicumque ZAN Sibi invicem Contraviantur: Tini Smastramicum uti a TRIn Guzuratico haud omino Diversum; ita a tres Latealium nique multum dissonum: eodem sese modo Habent TIN Cuncancum Hindstanicumque cum Matharum and Balabantorum TINI.

Luna- Hindostanice- sand Mnus Hindostani had Oculus- Hindostanorum Anki Domusger.

# 1784

## 47

Hadley, George

Grammatical remarks on the practical and current dialect of the jargon of Hindostan With a vocabulary, wherein are references between words resembling each other in sound and different in their significations, with literal translations and explanations of thecompunded words and circumlocutory expressions. The Third edition; Corrected and enlarged with familiar phrases and dialogues for the more easy attaining the idiom of the language. The whole calculated for the common practice in Bengal. By George Hadley, Esq. Formerly on the military establishmen of Bengal. London, Printed for T. Cadell in the Strand, J. Derett, Picadilly; and J. Sewell, in Cornhill, 1784.

iv,x.191p. 20 cm.

یہ متن میں اضافوں اور تصحیح کے ساتھ اس کا تیسرا ایڈیشن ہے، تفصیلات کے لیے دیکھیے

Marfat.com

نمبر ۳۸، ۳۷-

# 1785

48

Asiatic Miscellany جواہر تالیف فی نوادر التصانیف- ایشیاٹک مسلینی-
consisting of origional productions translations, fugitive pieces, imitations, and extracts from curious publications. Volume the first. Calcutta, Printed by Daniel Stuart, 1785.
[2],vi, 513,[1]p.1

اس رسالے کا بنیادی مقصد یورپی باشندوں کو عربی، فارسی، اردو، سنسکرت اور ہندوستان کی دوسری زبانوں کے شاہکاروں سے متعارف کرانا تھا- اس کے پہلے شمارے میں جو مضامین شامل ہیں ان میں عیار دانش، گلستان، بوستان، بہارستان جامی، غزلیات حافظ، توزک جہانگیری، انوار سہیلی، تاریخ آصف جاہ، تاریخ احمد شاہ وغیرہ سے اقتباسات اور ان کے انگریزی تراجم دیے گئے ہیں- انگریزی ترجمے اس دور کے بعض مشہور مستشرقین، مثلاً ولیم جونز، ولیم کرک پیٹرک، ولیم چیمبرز وغیرہ کے ہیں- اس شمارے کے صفحات ۳۷۶ تا ۳۷۹ پر غزل میرزا رفیع سودا کے عنوان کے تحت سودا کی "غزل" جیوں غنچہ تو چمن میں بند قبا جو کھولے اور اس کے مقابل جان گلکرسٹ کا انگریزی ترجمہ دیا ہے- غزل کی عبارت ولکنز کے تیار کردہ ٹائپ سے چھاپی گئی ہے- ہندوستان میں اردو طباعت کا یہ قدیم ترین نمونہ ہے تاہم یہ ترجمہ اس اعتبار سے بھی اہم ہے کہ یہ اردو ادب سے متعلق جان گلکرسٹ کی اولین کاوش ہے جو شائع ہوئی اور نیز یہ انگریزی ترجمہ کے ذریعہ اہل یورپ کو اردو ادب سے روشناس کرانے کی پہلی مثال ہے-

اس کے دوسرے شماروں میں سودا کے علاوہ ولی کی غزلیں بھی شامل ہیں-

# 1785

49

Kirkpatrick, William
An account of the plan and contents of the new Hindvi grammar and dictionary. Calcutta, 1785.
4p. 23cm.

اس کا پہلا ایڈیشن ۱۷۸۲ء میں شائع ہوا تھا- تفصیلات کے لیے دیکھیے نمبر ۴۴- دوسرا ایڈیشن

Marfat.com

مصنف کی مندرجہ ذیل کتاب کے ساتھ شائع ہوا۔

50

Kirkpatrick, William

New Hindvi Grammar and Dictionary. Part 7: A vocabulary, Persian, Arabic and English; containing suchwords as have been adopted from the two former of those languages and in corporated in to Hindivi, together with some hunderds of compound verbs fromed form Perisan and Arabic nouns, and in universal use. Being the Seventh part of the New Hindvi Grammar and Dictionary by Wiliam Kirkpatrick, Captain in the Services of the Honourable East India company, and Persian Secretary to the Commander in Chief in India. London, Printed by Joseph Cooper, 1785.

8,196, 4p. 26cm.

یہ نیو ہندوی گرامر اینڈ ڈکشنری کی ساتویں جلد ہے، ابتدا میں چھ صفحات کا دیباچہ ہے۔ اس کے بعد ایک صفحہ پر اردو حروف تہجی اور ان کے رومن متبادل درج ہیں۔ بقیہ ۱۹۶ صفحات ڈکشنری کے لیے مخصوص ہیں۔ اس میں عربی اور فارسی کے وہ الفاظ شامل ہیں جو اردو زبان کا حصہ بن چکے تھے۔

اس میں پہلے اردو رسم الخط میں اردو لفظ دیا ہے۔ اس کے بعد رومن میں اس کا تلفظ اور پھر اس کے انگریزی معنی درج ہیں۔

یہ لغت تقریباً چار ہزار الفاظ پر مشتمل ہے۔ ایک صفحہ پر تقریباً بیس الفاظ ہیں اور ہر لفظ کی تشریح عموماً ایک سطر میں ہے۔ چند مقامات پر محاورہ یا فقرہ کی مدد سے الفاظ کا استعمال دکھایا گیا ہے۔ کرک پیٹرک کے بیان کے مطابق اس ڈکشنری کے زیادہ تر الفاظ رچرڈسن کی ڈکشنری سے لیے گئے تھے۔

مثالیں

Populousness, a town= (awbaudi) آبادی

Mystery, Theology- (Tusuwuf) تصوف

Base, Mean, Contemptable - (huqeer) حقیر

hukeer rukhna or ginna- to hold in contempt

Suwaneh- incidents, events, occurances, Accidents - سوانح

Marfat.com

# 1786

## 51

جواہر تالیف فی نوادر التصانیف - ایشیاٹک مسلینی

The Asiatick Micellany consisting of original productions, translations, fugitive pieces, imitations, and extacts from curious publications. Volume the second. Calcutta, Printed by William Mackay, 1786.
[2],508p.

تفصیلات کے لیے دیکھئے ۴۸۔

## 52

Glichrist, John Borthwick
A Dictionary, English and Hindostanee to which is prefixed a Grammar of the Hindoostanee Language, by John Gilchrist. Calcutta, Printed by Stuart and Cooper, 1786.
[4],4,487,[1]p.

جان بورتھوک گلکرسٹ (۱۸۴۱ء - ۱۷۵۹ء) اڈنبرا، سکاٹ لینڈ میں پیدا ہوئے، جارج ہیریٹ ہسپتال سے ڈاکٹری کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد ۱۷۸۳ء میں ہندوستان آئے اور ایسٹ انڈیا کمپنی میں اسسٹنٹ سرجن مقرر ہوئے۔ ۲۱ اکتوبر ۱۷۹۴ء کو اسسٹنٹ سرجن سے ترقی کر کے سرجن ہوئے۔

اس وقت ہندوستان کی سرکاری زبان فارسی تھی، اس لیے کمپنی کے ملازمین بھی فارسی سیکھتے تھے لیکن گلکرسٹ نے یہ محسوس کرتے ہوئے کہ ہندوستان کے عوام کی زبان اردو یا ہندوستانی ہے اس بات پر زور دیا کہ فارسی کے ساتھ ساتھ ہندوستانی زبان بھی سلیبس میں شامل کی جائے۔ اس مقصد کے لیے اس نے ایک ہندوستانی کے روپ میں مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور اردو کے علاوہ فارسی اور سنسکرت زبانیں بھی سیکھیں۔ گلکرسٹ کی پہلی مطبوعہ کاوش سودا کی ایک غزل کا انگریزی ترجمہ ہے جو فرانسس گلیڈون کی جواہر التالیف فی نوادر التصانیف کے پہلے شمار میں ۱۷۸۵ء میں شائع ہوا تھا۔

بعد میں گلکرسٹ کی ایما پر گورنر جنرل لارڈ ولزلے نے ہندوستانی اور فارسی زبانوں کی تحصیل و ترویج کے لیے ۱۸۰۰ء میں جب فورٹ ولیم کالج قائم کیا تو اس کی ذمہ داری گلکرسٹ کو دی گئی۔ گلکرسٹ نے کالج کے مطبع سے فارسی، عربی اور سنسکرت کے شاہکاروں کا اردو ترجمہ کرا کر متعدد کتابیں شائع کیں۔

Marfat.com

گلکرسٹ کی سب سے پہلی اور غالباً سب سے اہم کتاب اے ڈکشنری آف ہندوستانی انگلش ہے۔
اس کے سرورق پر نستعلیق میں یہ شعر درج تھا:

ہر جا کہ سہوی و خطای واقع شود بذیل کرم
بپوشند و قلم اصلح بر آن جاری دارند

ڈکشنری کی پہلی جلد اے (A) سے کے (K) تک کے الفاظ پر مشتمل ہے۔ پہلے انگریزی لفظ دیا گیا ہے اس کے بعد اس کے اردو متبادل۔ ہر لفظ کے ساتھ یہ نشاندہی کی گئی ہے کہ لفظ کس زبان سے آیا ہے۔ اردو الفاظ پہلے رومن حروف میں اور اس کے بعد نستعلیق میں دیے گئے ہیں۔

دوسری جلد L سے Z تک کے حروف پر مبنی ہے۔ یہ حصہ صفحہ ۸۹۳ سے شروع ہو کر ۱۰۳۲ پر ختم ہوتا ہے۔ اس کے بعد انڈکس ہے جو صفحہ ۹۵ سے شروع ہو کر ۱۸۴ پر ختم ہوتا ہے۔ اس حصہ میں انگریزی لفظ اس کے معنی اور اس کے اردو متبادل رومن حروف میں دیے گئے ہیں۔

اس کے بعد چھ صفحات کا اغلاط نامہ ہے آخری دو صفحات پر ہندوستانی ڈایالوگ یعنی مکالمات رومن حروف میں اور ان کے مقابل دوسرے کالم میں ان کا انگریزی ترجمہ دیا گیا ہے۔

ڈکشنری کے ہر صفحہ کے دو کالم ہیں اور ہر لفظ کے معنی کے لیے اوسطاً تین سطریں ہیں لیکن بعض الفاظ کے معنی کے لیے ایک یا دو کالم تک مخصوص ہیں۔

مثالیں

Tender

نرم، کومل، ملایم، گل گل، نازک، سبک، کاغذی، سکوار، شفیق، دردمند۔

Ablution غسل h, Usnan, اسنان a. Tuharat.- طہارت of the hands etc( p. ), ab dust a ghoosl.

کتاب کے آخر میں ضمیمہ کے طور پر ۱۷ صفحات پر مشتمل اے میڈیکل وکیبوری، عریبک، پرشین، ہندوی دی گئی ہے اس کا علیحدہ سرورق ہے۔ یہ بھی رومن اور عربی حروف میں ہے اور ہر لفظ کے مقابل اس کے معنی انگریزی زبان میں درج ہیں۔ اس حصہ کے چند الفاظ درج ذیل ہیں:
نشادر، چیونٹی، سیب، انجن، ببول کا گوند، کھربا، کپور، گندھک، برمی الائچی وغیرہ۔

## 1787

53

Asiatick Miscellany and Bengal register, Volume the third.

-- جواہر تالیف فی نوادر التصانیف۔ ایشیاٹک مسلینی۔

Marfat.com

Calcutta, Printed by Wiliam Mackay, 1787
v, 146 p.

تفصیلات کے لیے دیکھئے ۴۸۔

54

Gilchrist, John Borthwick
A dictionary, English and Hindostanee: in wich the words are marked with their distinguishing initials; as Hinduwee, Arabic and Persian; whence the Hindoostanee or what is vulgarly, but improperly called the Moor language is evidently formed. By John Gilchrist. Part I. Calcutta, from the Press of Stuart and Coopr, 1787.
[8],LIII,1-487,[1]94p. 29 cm.

یہ ۱۷۸۶ء ایڈیشن کا ری پرنٹ ہے۔ دیباچہ کے آخر میں جو تاریخ درج ہے وہ ۱۔ اگست ۱۹۸۶ء ہے۔

55

Gladwin, Francis
A dictionay of the religious ceremonies of the Eastem nations, with historical and critical observations, some account of their learned men and situations of the most remarkable places in Asia, also and index in English, Arabic, Persian serving to ascertion Eastern names, to which is added,a medical vocabulary. Calcutta, Printed by William Mackay, 1787.
4, [290,20p.] 26 cm.

یہ عربی، فارسی، ترکی اور اردو الفاظ کا لغت ہے۔ جس میں مشہور مقامات، حیوانات، باشندوں، مختلف پیشوں وغیرہ سے متعلق اصطلاحات اور ان کے معنی دیے گئے ہیں۔ ڈکشنری کے الفاظ رومن حروف میں ہیں اور معنی اور تشریح انگریزی زبان میں۔ ڈکشنری کے بعد ۵۲ صفحات کا انڈکس یعنی اشاریہ ہے۔ اس حصہ میں ہر لفظ کو رومن رسم الخط کے علاوہ عربی رسم الخط میں بھی دیا گیا ہے۔

اس ڈکشنری میں ہندوستان سے متعلق یا ہندوستانی زبان کے جو الفاظ دیے ہیں ان میں سے چند ایک درج ذیل ہیں:

افغان، امرکوٹ، ابلیس، امروہہ، اکسیر، درویش، دکھن وغیرہ۔

Marfat.com

کتاب کے آخر میں ضمیمہ کے طور پر ۱۷ صفحات پر مشتمل اے میڈیکل وکیبولری، عربیک، پرشیین، ہندوی دی گئی ہے اس کا علیحدہ سرورق ہے۔ یہ بھی رومن اور عربی حروف میں ہے اور ہر لفظ کے مقابل اس کے معنی انگریزی زبان میں درج ہیں۔ اس حصہ کے چند الفاظ درج ذیل ہیں:
نشادر، چیونٹی، سیب، انجن، ببول کا گوند، کھرپا، کپور، گندھک، برطی الائچی وغیرہ۔

56

A dictionary of words used in the East Indies, with full explanations; the leading word of each article being printed in a new nustaleek type. To which is added Mohammedan Law and Bengal Revenue Terms. With an appendix, containing forms of firmans, parwanehs, arizdashts, instruments and contracts of law, passports & C. Together with a copy of the original grant from the Emperror Furrukhseer to English East India company, in Persian and English. London printed for James Aspemer ... by Thoms Malden, Sherbourn Lane, 1788.
IXIV. 267p. 16 cm.

اس کا پہلا ایڈیشن دستیاب نہیں ہو سکا۔ مذکورہ بالا تفصیلات اس کے دوسرے ایڈیشن مطبوعہ ۱۸۰۵ء سے لی گئی ہیں۔

ابتدا میں دس صفحات کا پیش لفظ ہے۔ جس میں ہندوستانی اصطلاحات کو سمجھنے کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ اس کے بعد ۵۵ صفحات کا مقدمہ ہے۔ اس میں آئین اکبری اور دوسری مستند تواریخ پر مبنی بنگال، بہار اور اوڑیسہ کی تاریخ دی ہے۔ بنگال کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہاں پر ہر قسم کی فراوانی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اورنگ زیب عالم گیر نے اس علاقہ کو جنت البلاد کا نام دیا تھا۔

مقدمہ کے بعد، اے ڈکشنری آف محمدن لاء، اینڈ بنگال ریوینیو ٹرمز (A dictionary of Mohammadan Law and Bengal revenue terms) ہے۔ یہ اچانک صفحہ ۱۳ سے شروع ہو کر صفحہ ۲۴۸ پر ختم ہوتی ہے۔ الفاظ کی ترتیب بلحاظ رومن حروف تہجی ہے۔ ہندوستانی الفاظ کی عبارت پہلے رومن میں اور اس کے بعد نستعلیق میں ہے۔ ہر لفظ کے معنی عموماً ایک یا دو سطروں میں ہیں البتہ کچھ الفاظ، جیسے فیل خانہ، فوجدار وغیرہ کے معنی چار یا پانچ صفحات پر پھیلے ہوئے ہیں۔

ڈکشنری کے بعد صفحہ ۲۴۹ میں اشاریہ ہے۔ اس کے بعد بعض حکم ناموں، عرضداشتوں، پروانوں وغیرہ کے انگریزی ترجمے دیے گئے ہیں۔

صفحات ۲۶۵ سے ۲۷۵ پر فرخ سیر اور ایسٹ انڈیا کمپنی کے درمیان ۱۷۱۷ء میں جو معاہدہ ہوا تھا

Marfat.com

اس کا فارسی متن اور انگریزی ترجمہ درج ہے۔ ۲۷۵ سے ۲۸۷ پر ہجری مہینوں کے نام اور کچھ پروانوں کے انگریزی ترجمہ ہیں۔

اس میں دی گئی اصطلاحات کی کچھ مثالیں درج ذیل ہیں:

عبداللہ، ابواب فوجداری، افغان، عہدہ، عہدہ بندی، عہدہ دار، اجارہ، عجمی، اخبار نویس، آخری حساب، خرچہ، اقربا، باغ، بیوپاری، بارات وغیرہ۔

# 57

The Indian vocabulry, to which is prefixed the forms of impeachements, London. Printed for John Stickdale, Picadilly, 1788.
XVI, 133p. 14 cm.

یہ رومن رسم الخط میں ہے اور اس میں زیادہ تر ہندوستان میں رائج روزمرہ کے الفاظ جگھوں، پھلوں، پھولوں، سبزیوں اور مشہور لوگوں کے نام اور کاروباری اصطلاحات وغیرہ شامل ہیں۔

انڈیا آفس لائبریری میں اس کا جو نسخہ ہے اس میں ہر ورق کے بعد ایک ورق خالی ہے اور ان پر کسی نے جابجا اضافے کر دیے ہیں۔

اس لغت میں دیے گئے الفاظ میں سے چند ایک مثالیں درج ذیل ہیں:

Maleeka- The queen
Hissadar- A sharer of partner
Dustavez- A voucher
Cauffer- A term of great abuse. It implies one who has neither the fear of God nor man before his eyes.
Daulaun- An apartment in Mahommedan house- A sloon.

# 58

The New Asiatick Micellany and جواہر تالیف فی نوادر التصانیف - ایشیاٹک مسلینی Bengal Register. Volume the First. Calcutta, printed by William Mackay 1788.
iv, 147-290p.

تفصیلات کے لیے دیکھئے نمبر ۴۸۔

Marfat.com

59

Bird, William Hamilton

The Oriental Miscellany; being a collection of the most favourite airs of Hindoostan. Compiled and adapted for the Harpsichord, and Co. by William Hamilton Bird. Calcutta, Printed by John Cooper, 1789.

72p. 36cm 5[4]

موسیقی کی علامتی عبارت میں شائع ہونے والی ہندوستانی نغمات کی غالباً سب سے پہلی کتاب ہے۔ اس کی عبارت کا کچھ حصہ بعد میں گلکرسٹ نے اور، ئیٹل لنگوسٹ (کلکتہ ۱۷۹۸ء) میں شائع کیا تھا۔

اس میں ہندوستانی نغمات کی مندرجہ ذیل اقسام شامل ہیں:

۱۔ ریختہ

۲۔ ترانہ

۳۔ ٹپہ

۴۔ راگنی

دیباچہ میں مصنف نے ہندوستانی نغمات کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ہندوستانی موسیقی میں ریختہ سب سے زیادہ مقبول ہے۔

دیباچہ کے بعد نغمات کی فہرست دی گئی ہے جو اردو اور رومن حروف میں ہے۔ اس کے بعد نغمات کی عبارت دی گئی ہے جو یورپ میں رائج موسیقی کی علامتی عبارت میں ہے۔ اس کا کچھ حصہ رومن رسم الخط میں بھی دیا گیا ہے۔ ہر گیت یا نظم کا عنوان پہلے رومن میں اور پھر اردو میں ہے۔

اس میں چھ نغمات فارسی میں اور مندرجہ ذیل غزلیں اور گیت اردو میں ہیں:

۱۔ کیا کام کیا دل نے

۲۔ اے پری چہرہ

۳۔ آوتی سین بول

۴۔ داندی کلا۔ دندرواکی

۵۔ تمکو سمجھاونا

۶۔ میرا پیارا اب آیا رے

۷۔ کہاں جا کہے

۸۔ کوبے صرا کے صدقے

۹۔ دل ندا نے لیارے

Marfat.com

۱۰- میری مچھلی ریم ریم ترنا
۱۱- اے بی بی من کارہ لیو
۱۲- اے یارو
۱۳- لے چلوری
۱۴- پیار میرا سن
۱۵- من بی بی ناچی ری
۱۶- روانہ کشتی

## 60

Gilchrist, John Borthwick
A dictionary, English and Hindoostanee, in which the words are marked with their distinguishing intials; as Hinduwee, Arabic and Persian; whence the Hindoostanee or what is vulgarly, but improperly called the Moor Language is evidently formed. by John Gilchrist. Part I. Calcutta, From the Press of Joseph Cooper 1789.
[8],487,[1]p. 29 cm.

تفصیلات کے لیے دیکھیے نمبر ۵۲-

# 1790

## 61

Gilchrist,John Brothwick.
A Dictionary, English and Hindoostanee: in which the words are marked with their distinguishing initials as Hinduwee, Arabic and Persian; whence the Hidoostanee or what is vulgarly, but improperly called the Moor Language is evidently formed. By John Gilchrist. Part II Calcutta From the Press of Cooper and Upjohn, 1790.
2,489 -1032. [95]- 184, [8]p. 29cm.
یہ گلکرسٹ کی ڈکشنری کا دوسرا حصہ ہے اور ایل سے زیڈ تک کے حروف پر مبنی ہے۔ یہ بغیر کسی

Marfat.com

تمہید کے صفحہ ۴۸۹ سے شروع ہو کر صفحہ ۱۰۳۲ پر ختم ہوتا ہے۔ اس کے بعد اپنڈکس ہے یہ صفحہ ۹۵ سے شروع ہو کر صفحہ ۱۸۴ پر ختم ہوتا ہے۔ اس حصہ میں ہر انگریزی حرف کے بعد اس کے انگریزی معنی اور پھر اس کے رومن حروف میں اردو متبادل دیے گئے ہیں۔ یہ حصہ علیحدہ طور پر مرر پریس میں چھپا ہے۔ اس کے بعد چھ صفحات کا اغلاط نامہ اور ایڈنڈا یعنی ضمیمہ ہے۔ آخری دو صفحات پر ایک کالم میں رومن رسم الخط میں اردو محاورات اور ان کے مقابل دوسرے کالم میں ان کا انگریزی ترجمہ دیا ہے۔

مثالیں

Tender

گل گل، کومل، نرم، سبک، کاغذی، سکوار، نازک، شفیق، دردمند۔

Living f. a. mueeshat-

v. living معیشت - Aesheshrat-عیش و عشرت

Smuggler- Ghut mar

گھٹ مارChokee mar- چوکی مار Bhentiwaya - بھینٹویا

62

Gladwin, Francis

Accounts by Francis Gladwin, in three parts. Part A compendious system of Bengal Revenue 1. Calcutta, Printed by Manual Cantopher, 1790.

24, 72p.

یہ کتاب دو حصوں میں منقسم ہے پہلے حصہ کے ۲۴ صفحات ہیں۔

گلیڈون نے دیباچہ میں سیاق کی تاریخ دی ہے اور کہا ہے کہ سیاق عبارت پہلی مرتبہ چھاپی گئی ہے۔

گلیڈون کا یہ دعویٰ صحیح نہیں کیوں کہ اس قسم کی عبارت اور رقوم اس سے قبل ۱۷۷۲ء میں (دیکھیے نمبر ا) شائع ہو چکی تھیں۔

اس کے بعد فارسی اور اردو ہندسے، خط نستعلیق میں ان کی عبارت اور ان کے انگریزی متبادل دیے گئے ہیں۔ صفحہ پانچ کے بعد جدول دیے گئے ہیں۔ ان میں سیاق رقوم اور ان کے عربی متبادل اور پہاڑے درج ہیں۔ اس کے بعد ہندوستان میں مروجہ ہر صنعت و حرفت، زمین، کپڑوں وغیرہ سے متعلق اوزان و میزان وغیرہ دیے گئے ہیں۔ آخر میں شاہ عالم کے نام پر مرشد آباد سے جاری کیے گئے سکوں کی تفصیلات ہیں۔ آخری صفحہ پر حروف ابجد اور ان کے اعداد درج ہیں۔

کتاب کے دوسرے حصہ کا ایک علیحدہ سرورق ہے جس پر Mofussel Revenue

Marfat.com

Accounts in Siyak کا عنوان درج ہے۔ اس حصہ کے ۲۷ صفحات ہیں۔ اس میں زمینداری کے لیے حساب رکھنے کا طریقہ بتایا گیا ہے۔ ہر صفحہ کے شروع میں "قسطبندے پرگنہ --- زمینداری سنہ بنگلہ ۱۱۹۰ء دیا ہے اور اس کے تحت ہندوستانی مہینوں کے نام، بیساکھ، جیٹھ، اساڑھ، ساون وغیرہ درج ہیں اور ہر ماہ کے تحت اس ماہ کا حساب لکھنے کے لیے جگہ چھوڑ دی گئی ہے۔

## 63

Hadley, George
Grammaticl remarks on the practical and current dialect of the Jargon of Hindostan with a vocabulary, wherein are references between words resembling each other in sound and different in their significantions, with literal translation and explanations of the compounded works and circumlocutory expressions englarged with familiar phrases and dialogues, for the more easy attaining the idiom of the language. The whole calculated for the commom practice in Bengal. By Capt. George Hadley Esq. formerly on the military establishment of Bengal. Calcutta, Printed in 1790.
167, [1]p.

تفصیلات کے دیکھیے نمبر ۳۷۔

## 64

Harris, Henry
A Dictionary, English and Hinostnay to which is annexed a copious and useful alphabetical list of proper names of men, towns, cities, rivers, provinces, countries, etc and a great majority of which appear to be Persian, Arabic, or Indian origin. Volume II. Madras, printed for the another, 1790.
VII, 306, 31p. 30 cm.

اس کے مصنف ہنری ہیرس (۱۸۲۲-۱۷۵۹ء) مدراس میڈیکل سروس میں سرجن تھے۔ آپ نے ۲۰ جون ۱۷۸۳ء کو اسسٹنٹ سرجن کی حیثیت سے ایسٹ انڈیا کمپنی میں ملازمت اختیار کی اور بعد میں ایسٹ انڈیا کمپنی کی مالکا کی مہم اور ٹیپو سلطان کے خلاف جنگ میں حصہ لیا۔ ہندوستان آنے کے بعد آپ یہاں کی زبانوں کی طرف متوجہ ہوئے اور آپ کو ۲ دسمبر ۱۷۸۶ء کو فارسی زبان پر دسترس حاصل کرنے

Marfat.com

پر پانچ سو پگوڈا کا انعام ملا۔ ۱۷۸۶ء میں آپ نے ہندوستانی زبان کی ڈکشنری مرتب کرنے اور اس کی اشاعت کے اخراجات کے لیے ایسٹ انڈیا کمپنی کو درخواست دی۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کے حکام نے اس مقصد کے لیے ان کا پچاس روپے ماہوار وظیفہ مقرر کردیا۔ ہیرس کی ڈکشنری ۱۷۹۰ء میں مدراس سے شائع ہوئی۔ یہ ڈکشنری اب نایاب ہے اس کی تمام کاپیاں گودام میں آگ لگ جانے سے تباہ ہو گئی تھیں صرف تیرہ نسخے برباد ہونے سے بچ گئے۔ ابھی تک صرف تین جلدوں کی نشاندہی ہو سکی ہے جن میں سے ایک انڈیا آفس لائبریری میں ہے۔ ہیرس کا ارادہ اردو گرامر پر مشتمل اس کی پہلی جلد شائع کرنے کا تھا لیکن ایسا ممکن نہ ہوسکا۔ ہیرس کی وفات کے بعد اس کی بیوی نے ۱۵ جلدوں پر مشتمل اس کی مرتب کردہ دکنی ڈکشنری کا مسودہ انڈیا آفس لائبریری کو پیش کیا تھا۔ ولیم شیکسپیئر نے بعد میں اس سے استفادہ کر کے اپنی ڈکشنری کے چوتھے ایڈیشن میں اضافے کیے ہیں۔

Examination: f. nijbane. khoob dokhne, just- jooy (of witnesses) deryaft, ouchbannet, pooch- puchhar (of accounts), Muhasibah, hisab - dekhna.

Heart: f. dil, hirda, mun (middle), mughuz [-to have by] dil men yad karna [out of heart] dispirited. bel-dil,be-mun.

Fame: f. (report) Afwah, ghulbula (reputtion), namoos, nung, sherm, abro.

Hindoostany- The moors language of the Mahomedans in India. The language of Hindoostan. That of the South of the Penisula is called Dukhuney bat- the tongue of the Deccan.

Appendix:

a bd-ur-reheem The servant of the most merciful عبدالرحیم Abdel Rahim.

Ameer, oftion written Emir (Ameer) a prince

(Hindoostan) The country of blacks ہندوستان India, in general Indian

(Hindi) A black ہندی (hindwy) and ہندوی (Hindoo) ہندو

Hindoostany bat ہندوستانی بات The moors, language of the Mahomedans in India.

Dakhuney bat

دکھنی بات The language of the Deccan. That of the South of the peninsula.

Marfat.com

65

Paulinus a. Sancto Bartholomaeo [Juannes Philippus Werdin] Sidharubam seu Grammatica Samscrdamica cui Sidharubam seu Grammatica Samscrdamica accedit Dissertatio- historico critica in linguam Samserdamicam.. Auctore Fr Paulino A.S. Bar Carmelite excalceato Malabaria Missionario. Romae, Typis Sac. Congregationis de Tholomaeo Propaga Fida, 1790.
188p. 18cm.

پالینس کا اصلی نام جوانس فلیپس وردن تھا۔ آپ ۱۷۴۸ء میں آسٹریا میں پیدا ہوئے۔ جوانی میں کارملایٹ راہبوں کی جماعت میں شامل ہو کر ہندوستان آئے اور چودہ سال بنارس میں رہنے کے بعد روم واپس آئے۔ فرانسیسیوں کے اٹلی پر حملے کے بعد ۱۷۹۸ء میں ویانا منتقل ہوئے گئے۔ ۱۸۰۰ء میں واپس روم آئے اور یہاں رہتے ہوئے ہندوستان کا سفر نامہ اور سنسکرت زبان اور عیسائیت کی تبلیغ پر کتابیں لکھیں۔ آپ نے ۱۸۰۶ء میں وفات پائی۔

مندرجہ بالا کتاب لاطینی زبان میں سنسکرت کی گرامر ہے اس میں البتہ سنسکرت الفاظ کے ہندوستانی، مالاباری اور تامل متبادل بھی ہیں۔ اس کے صفحات ۷۷ سے ۸۱ پر سنسکرت حروف اور ان کے ہندوستانی، ناگری اور تامل متبادل ہیں۔

اس کتاب کا ایک انگریزی ترجمہ اصل لاطینی عبارت کے ساتھ dissertation of Sanskrit Language کے عنوان سے Ludo Rocher نے ۱۹۷۷ء میں ایمسٹرڈیم سے شائع کیا تھا۔

مثالیں

Danda (s) Staff- Dand (Hind) Dandan (Mal.) D۸ endan (Tam).
Karena (S)- Cause- kar, (Hind) Karanam (Mal) Karenam (Tam).
Sarpa (S). Snake- sanp (Hind), Sarpam (Mal) sarpama (Tam).

## 1791

66

Paulinus a. Sancto. Bartholomaeo
Indostanum, sive Malabaricum, Alphabeta Indica, id est Granthamicum seu Samsoridamico Vanarense Nagaricum Vulgare et Telinganicum Romae Typis Sac. Congregationis de

Marfat.com

Propaga 1 Fida, 1791.
24p. 16 cm.

یہ بھی لاطینی زبان میں ہے۔ اس کے مصنف کو یورپ میں سنسکرت زبان کی سب سے پہلی گرامر شائع کرنے کا اعزاز حاصل ہے۔ آپ نے اپنا ہندوستان کا سفر نامہ بھی شائع کیا تھا جس کے بعد میں انگریزی اور فرانسیسی میں ترجمے شائع ہوئے۔ پالینس نے اس کے دیباچہ میں بنارس میں بولی جانے والی سنسکرت اور ہندوستانی زبانوں کی تفصیلات دی ہیں۔

اس کے ۸ سے ۱۷ صفحات پر سنسکرت الفاظ کے مالاباری اور ہندوستانی متبادل دیے گئے ہیں۔

# 1793

## 67

Shirazi, Nuruddin Muhammad

الفاظ ادویہ - تصنیف نور الدین محمد عبداللہ شیرازی

Ulfaz udwiyeh, or the materia medica, in Arabic, Persian, and Hindevy Languages. Compiled by Noureddeen Mohammad Abdullah Shriazy, Physician to the Emperror Shahjahan. With an English translation by Francis Gladwin. Calcutta Printed at the Chronicle Press, 1793.
[27, 83, 20p.] 29cm.

یہ طبی اصطلاحات کی فرہنگ ہے جو شاہجہان کے شاہی طبیب نورالدین محمد عبداللہ شیرازی نے مرتب کی تھی۔

